# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعة المبارک مورخہ 07 اکتوبر 2016ء بمطابق 5 محرم الحرام 1438 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر پچاس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

ٱلرَّحۡمَـٰنُO عَلَّمَ ٱلۡقُرۡءَانَO خَلَقَ ٱلۡإِنسَـٰنَOعَلَّمَهُ ٱلۡبَيَانَO ٱلشَّمۡسُ وَٱلۡقَمَرُ بِحُسۡبَانٍ Oوَٱلنَّجۡمُ وَٱلشَّجَرُ يَسۡجُدَانِO وَٱلسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ ٱلۡمِيزَانَO أَلَّا تَطۡغَوۡاْ فِى ٱلۡمِيزَانِO وَأَقِيمُواْ ٱلۡوَزۡنَ بِٱلۡقِسۡطِ وَلَا تُخۡسِرُواْ ٱلۡمِيزَانَO وَٱلۡأَرۡضَ وَضَعَهَا لِلۡأَنَامِOفِيهَا فَـٰكِهَةٌ وَٱلنَّخۡلُ ذَاتُ ٱلۡأَكۡمَامِO وَٱلۡحَبُّ ذُو ٱلۡعَصۡفِ وَٱلرَّيۡحَانُO فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ۔

(ترجمہ): (خداجو) نہایت مہربان۔ اسی نے قرآن کی تعلیم فرمائی۔ اسی نے انسان کو پیدا کیا۔ اسی نے اس کو بولنا سکھایا۔ سورج اور چاند ایک حساب مقرر سے چل رہے ہیں۔ اور بوٹیاں اور درخت سجدہ کر رہے ہیں۔ اور اسی نے آسمان کو بلند کیا اور ترازو قائم کی۔ کہ ترازو (سے تولنے) میں حد سے تجاوز نہ کرو۔ اور انصاف کے ساتھ ٹھیک تولو۔ اور تول کم مت کرو۔ اور اسی نے خلقت کے لئے زمین بچھائی۔ اس میں میوے اور کھجور کے درخت ہیں جن کے خوشوں پر غلاف ہوتے ہیں۔ اور اناج جس کے ساتھ بھس ہوتا ہے اور خوشبودار پھول ۔ تو (اے گروہ جن وانس) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

وآخِرُالدَعۡوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُلِلّٰہِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جزاک اللہ، چونکہ ایجنڈے میں ہم تھوڑا ردوبدل لائے ہیں، تو میں منسٹر لاء کو کہتا ہوں کہ پلیز 7A lay کرلیں، 7A۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون پارلیمانی امور وانسانی حقوق): آئٹم نمبر 8، Eighth سے شروع ہے جی لیجسلیشن۔

جناب سپیکر: اضافی ایجنڈا ہے، ایڈیشنل ایجنڈا۔

**ہنگامی مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا معدنیات ومعدنی ترقی مجریہ 2016 کا متعارف کرایا جانا**

وزیر قانون پارلیمانی امور وانسانی حقوق: میرے پاس تو اضافی ایجنڈا ادھر نہیں ہے سر، اس سے پہلے میں باقی Eighth کا کر دیتا ہوں، Mr. Speaker Sir, I, on behalf of Madam Anisazeb Tahirkheli, Minister for Mineral Development, lay the Khyber Pakhtunkhwa, Mines and Mineral Development and Regulation Ordinance, 2016 in the House.

Mr. Speaker: It stands introduced.

7B، چونکہ ابھی وہ ریزولیوشن تیار ہو رہی ہے، تو ہم آگے جائیں گے، آئٹم نمبر 8۔

**مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا اللسائل والمحروم مجریہ 2016 کا متعارف کرایا جانا**

Minister for Law: Mr. Speaker Sir, I on behalf of the honourable Senior Minister for Social Welfare, Special Education and Women Empowerment introduce the Khyber Pakhtunkhwa Lissail -e- Wal Mahroom (Amendment) Bill, 2016 in the House.

Mr. Speaker: It stands introduced.Item No. 09 and 10.

**مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا بلڈ ٹرانسفیوژن سیفٹی اتھارٹی مجریہ 2016 کا زیر غور لایا جانا**

Mr. Speaker: Item No. 9 and 10.

Minister for Law: Mr. Speaker Sir, I on behalf of the honorable Senior Minister for Health, move that the Khyber Pakhtunkhwa, Blood Transfusion Safety Authority Bill, 2016 may be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Blood Transfusion Safety Authority Bill, 2016 may be taken in to consideration at once? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. ‘Consideration Stage’: Since no amendment has been proposed by any honourable Member in Clauses 1 to 31 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 to 31 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. Clauses 1 to 31 stand part of the Bill. Long Title and Preamble also stand part of the Bill.

## مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا بلڈ ٹرانسفیوژن سیفٹی اتھارٹی مجریہ 2016 کا پاس کیا جانا

Mr. Speaker: ‘Passage Stage’: Law Minister, please.

Minister for Law: Mr. Speaker Sir, I, on behalf of the honorable Senior Minister for Health, move that the Khyber Pakhtunkhwa Blood Transfusion Safety Authority Bill, 2016 may be passed.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Blood Transfusion Safety Authority Bill, 2016 may be passed? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The Bill is passed.

## مسودہ قانون بابت ’بریِنز‘ انسٹی ٹیوٹ مجریہ 2016 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Speaker: Item No. 11 and 12, Minister for Law, please.

Minister for Law: Mr. Speaker Sir, I on behalf of the honorable Chief Minister, to move that the BRAINS Institute Bill, 2016 may be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the BRAINS Institute Bill, 2016 may be taken in to consideration at once? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. ‘Consideration Stage’: Since no amendment has been proposed by any honourable Member in Clauses 1 to 32 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 to 32 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 to 32 stand part of the Bill. Long Title and Preamble also stand part of the Bill.

## مسودہ قانون بابت 'بریز' انسٹی ٹیوٹ مجریہ 2016 کا پاس کیا جانا

Mr. Speaker: 'Passage Stage': Minister for Law.

Minister for Law: Mr. Speaker Sir, I, on behalf of the honourable Chief Minister beg to move that the Brains Institute Bill, 2016 may be passed.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the BRAINS Institute Bill, 2016 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

## مجلس قائمہ برائے محکمہ مواصلات و تعمیرات کی رپورٹ کا منظور کیا جانا

Mr. Speaker: Item No. 13, Mr. Iftikhar Mashwani, MPA.

جناب افتخار علی مشوانی: میں سی اینڈ ڈبلیو سے متعلق مجلس قائمہ کمیٹی نمبر 7 کی رپورٹ ایوان میں منظوری کے لئے پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House that report of the Committee may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The report is adopted.

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: چھٹی کی کچھ درخواستیں ہیں: محمود جان، 7 اکتوبر، حاجی قلندر خان لودھی، اکرام اللہ گنڈاپور، ملک قاسم خٹک، ڈاکٹر مہر تاج روغانی، اعزاز الملک افکاری، سردار محمد ادریس، الحاج صالح محمد، سردار ظہور، میڈم یاسمین پیر محمد، منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

## توجہ دلاؤ نوٹس

جناب سپیکر: کال اٹینشن نوٹسز، مسٹر فخر اعظم وزیر۔

جناب فخر اعظم وزیر: جناب سپیکر صاحب، میرا جو توجہ دلاؤ نوٹس ہے، میرے ساتھ سی ایم صاحب نے کمٹمنٹ کی ہے کہ اس کا مکمل ازالہ کیا جائے گا تو میں اس لئے اپنا توجہ دلاؤ نوٹس Withdraw کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: اوکے، کال اٹینشن، مسٹر بخت بیدار، مسٹر زرین گل، مسٹر محمد علی شاہ، اینڈ سردار اور نگزیب نلوٹھا، ایم پی اے، بخت بیدار صاحب! آپ پیش کریں گے؟

جناب بخت بیدار: مجھے ملا نہیں ہے، ما تہ خو نہ دے ملاؤ شوے۔

جناب سپیکر: 932۔

جناب بخت بیدار: ما سرہ نشتہ جی پہ ایجنڈا۔۔۔۔

جناب سپیکر: (ایک ممبر کو مخاطب کرتے ہوئے) آپ کے پاس ہے؟ سیکرٹری صاحب! چیک کر لیں، اوکے۔

جناب بخت بیدار: ملاؤ شو جی۔ جناب شکریہ، جناب سپیکر! شکریہ ادا کوم، میں وزیر برائے محکمہ خزانہ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ محکمہ خزانہ خیبر پختونخوا نے سالانہ بجٹ 17-2016ء کے دوران سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیا ہے لیکن ساتھ ہی ساتھ مختلف محکمہ جات کی طرف سے اپنے ملازمین کو دیئے جانے والے سپیشل الاؤنس کو منجمد کر دیا گیا ہے۔ جس میں عدلیہ کے لئے عدلیہ الاؤنس، صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کے ملازمین کا لیجسلیٹیو الاؤنس اور سول سیکرٹریٹ ملازمین کا سپیشل الاؤنس وغیرہ شامل ہیں، جناب عالی! ہائی کورٹ کے ملازمین کا عدلیہ الاؤنس بحال ہو گیا ہے لیکن صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کے ملازمین کا اور سول سیکرٹریٹ ملازمین کا سپیشل الاؤنس تا حال منجمد ہے، لہذا محکمہ خزانہ کو ہدایت کی جائے کہ ان کے الاؤنسز کو موجودہ تنخواہ پر بحال کیا جائے۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر پلیز، کون اس کو Respond کرے گا؟

اراکین: فنانس منسٹر،

جناب سپیکر: فنانس منسٹر، پلیز، فنانس منسٹر۔

جناب مظفر سید (وزیر خزانہ): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ دا هغه بل پرون تقریباً د نلوټها صاحب شاید وئیلي وو، ما انتظار کړے وو خو نلوټها صاحب لکه هغه پیش نه کړے شو، زما ذهن کښې دا نه وه چې ګنې دا په

ایجنډا دے ، بهر حال زه بخت بیدار خان او زرین گل لالا ، هغوئ Jointly دا پیش کړے دے ، سید محمد علی شاه باچا صاحب، بالکل جی په دیکښې چې دوئ کوم Stance اخستے دے ، خاص کر د اسمبلئی د ملازمینو، فنانس ډیپارټمنټ چې هغه د هغې سره اختلاف لرلے دے ، نو زه هاؤس ته یقین دهانی ورکوم چې په یو هفته ان شا ء العزیز دا مسئله حل شی، او د صوبائی اسمبلئی د ملازمینو چې کوم الاؤنس دے هغه به ان شا ء العزیز هغوئ ته ریلیز شی۔

جناب سپیکر: جی بخت بیدار صاحب، بخت بیدار۔

جناب بخت بیدار: زما د منسټر صاحب نه هم دا توقع وه، چې دوئ به په هفته کښې دننه دننه د دے د اسمبلئی د ملازمینو چې کوم کوم مراعات لا نه دی ورکړې شوی او ده اعلان کړے دے ، لهذا مهربانی دا وکړی چې یو هفته کښې دا مسئله د حل شی۔ ډیره مهربانی جی۔

جناب سپیکر: صاحبزادہ ثناءاللہ، آئٹم نمبر 5، صاحبزادہ ثناءاللہ ایم پی اے، پریولج موشن۔

## مسئلہ استحقاق

صاحبزادہ ثناءاللہ: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ سپیکر صاحب، ډیره ډیره مهربانی، تاسو موقع راکړه، دا یو تحریک استحقاق دے جی،

جناب سپیکر صاحب! گورنمنٹ ڈگری کالج واڑی میرے حلقہ نیابت میں واقع ہے، اسی کالج میں تقسیم انعامات کا پروگرام کالج کی طرف سے منعقد کیا گیا تھا اور مجھے اسی پروگرام میں مدعو کیا گیا تھا۔ کالج کے پرنسپل صاحب نے کالج کی ضروریات کے بارے میں کچھ مطالبات پیش کئے جن کے جواب میں اپنی تقریر میں وہ پورا کرنے اور جو کام شروع کئے تھے واضح کئے لیکن پرنسپل صاحب نے سٹیج پر آکر میرے خلاف نازیبا الفاظ استعمال کئے جس سے نہ صرف میرا بلکہ پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے،

جناب سپیکر! دا داسې وه چې دلته تقسیم انعامات وو او مختلفو پوزیشن هولډرز وو، هغوئ ته انعامات ورکړی کیدل او مونږه هم د خپل طرف نه هغوئ ته انعامات ورکړل۔ بیا پته نه لگی چې پرنسل صاحب د چا د خوشحالئی د پاره یا په څه غرض باندې راغے سټیج ته، او هغه داسې الفاظ استعمال کړل چې کوم په زلزله کښې کوم Damages په دې کالج کښې شوې وو، نو د هغې د پاره

جناب سپیکر! چې کوم Damages په دې کالج کښې شوې وو د زلزلے نه، د هغې د پاره صوبائی حکومت ته یو سمری راغلے وه او د هغې په رڼا کښې هغه او تقریباً پینتالیس لاکھ روپئی د هغې د 'میجر ریپئر' د پاره منظور شوی وی، ټیوب ویل خراب شوے وو نو په Rehabilitation کښې هغه مونږ شامل کړے دے۔ ما دا خبره چې کله اوکړه نو هغه پته نه لګی چې څه بده پرې اولګیده نو هغه چې پاڅیدو نو داسې الفاظ ئے استعمال کړل چې هغې نه د کالج هغه ماحول هم خرابیدو او بایده وه چې پرنسپل باندې هلکان هم د کالج راپاڅیدلی وے خو هغه وخت کښې ما دا مناسب او نه ګڼړله چې د کالج هلکان د پرنسپل صاحب بے عزتی اوکړی، ما هغه هلکان خاموش هم کړل او زه ډیر په دغه باندې هغه کالج نه بیا وروستو لاړمه نو جناب سپیکر، زما مقصد دا دے چې یو سیاسی کس کالج پرنسپل مدعو کړے وی، را بللے وی او الټا بیا د هغه خلاف داسې الفاظ استعمالوی نو زما دا خیال دے چې په دې باندې د دے ایوان او زما استحقاق مجروح شوے دے۔

جناب سپیکر: لاءمنسٹر صاحب، پلیز۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون، پارلیمانی امور وانسانی حقوق): جناب سپیکر! آنریبل ایم پی اے صاحب کی اس تحریک استحقاق کو میں سپورٹ کرتاہوں جی۔

Mr. Speaker: Okay, Is it the desire of the House that the privilege motion, moved by the honourable Member, may be referred to the Committee concerned? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The privilege motion is referred to the Committee concerned. Madam Deena Naz, item No. 5.

محترمہ دینا ناز (پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود و ترقی نسواں): تحریک استحقاق پیش کرنا چاہوں گی۔ جناب سپیکر صاحب! میں اپنی بچی سے ملنے تاتارا گرلز ہاسٹل پشاور یونیورسٹی تین بجے گئی تو وارڈن کے دفتر کو تالہ لگا ہوا تھا، وہاں موجود خالہ سے معلوم کرنے پر پتہ چلا کہ وارڈن مسمات نیلم ہارون اپنے بچوں اور شوہر کے ساتھ وہاں رہائش پذیر ہے۔ میرے کہنے پر خالہ ان کے پاس گئی اوران کو بتایا کہ بچی سے ملنے اس کی والدہ آئی ہیں جو ممبر صوبائی اسمبلی بھی ہیں تو اس کو جواب میں کہا کہ میں کسی سے نہیں ملتی، تاہم دوبارہ

جواب بھجوانے پر وہ آئی اور آتے ہی مجھے کوسنا شروع کر دیا اور یہ کہا کہ ذلیل عورت میری مرضی ہے جس سے ملوں یا نہ ملوں تم کون ہوتی ہو اور میری طرف وہ مارنے کو بڑھی لیکن وہاں دیگر بچیاں جو اجازت مانگنے کے لئے دستخط کے انتظار میں کھڑی تھیں، نے درمیان میں آکر مجھے بچایا۔ مذکورہ وارڈن کے اس گستاخانہ رویئے سے نہ صرف میرا بلکہ پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے، لہذا اسے استحقاق کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر صاحب، پلیز۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): جناب سپیکر! میں Fully support کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the privilege motion, moved by the honourable Member, may be referred to the Committee concerned? Those who are in favour of it may say "Yes" and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The privilege motion is referred to the Committee concerned.

(Interruption)

جناب سپیکر: ایک منٹ آپ بیٹھ جائیں، میں تھوڑا ایجنڈے پر، پھر آپ کو موقع دیتا ہوں۔ اس وقت چیف منسٹر صاحب نے ایک ریکویسٹ کی ہے چونکہ، چیف منسٹر صاحب، اوکے، میں کرتا ہوں، میں تھوڑا ایک وضاحت کرتا ہوں پھر آپ کو موقع دوں گا۔ میں تھوڑا ہاؤس کے سامنے رکھتا ہوں، چیف منسٹر صاحب نے ایک بل کے بارے میں ریکویسٹ کی ہے تو اس کو ایڈیشنل ایجنڈے پر ڈالیں، تو میں آپ کے توسط سے اجازت مانگ رہا ہوں کہ وہ ہم تیار کر رہے ہیں اور ابھی صرف ایک امنڈمنٹ ہے تو وہ پاس کرنی ہے تو ابھی ایک ایڈیشنل ایجنڈے کے طور پر وہ آجائے گا۔ تو میں اس دوران Questions/Answers شروع کروں گا، ٹھیک ہے؟ کوسچن نمبر 3720 جناب نور سلیم۔

## نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

*3720 _ جناب نور سلیم ملک: کیا وزیر امداد، بحالی و آبادکاری ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے ریسکیو 1122 کا ادارہ قائم کیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ادارہ میں گزشتہ دو سالوں میں کتنی بھرتیاں کی گئی ہیں، نیز یہ کہ مذکورہ ادارہ کون کون سی خدمات سرانجام دیتا ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

محترمہ نرگس (پارلیمانی سیکرٹری برائے امداد بحالی و آبادکاری): (الف) جی ہاں۔

(ب) گزشتہ دو سالوں میں مذکورہ ادارے میں کل تین سو پچاس کے قریب لوگوں کو مختلف آسامیوں پر عارضی طور پر (پراجیکٹ پالیسی کے تحت) بھرتی کیا گیا ہے جس میں ڈسٹرکٹ ڈی آئی خان کے لئے ایک سو بیس، دسٹرکٹ ایبٹ آباد کے لئے ایک سو دس اور ڈسٹرکٹ سوات کے لئے ایک سو بیس ریسکیوز بھرتی کئے گئے۔ ریسکیو 1122 مندرجہ ذیل خدمات سرانجام دیتا ہے:

1۔ کسی بھی حادثے، دھماکے، بلڈنگ گرنے یا آگ لگنے کی صورت میں فوری ابتدائی مدد فراہم کرنا۔

2۔ میڈیکل ایمرجنسی یعنی اچانک بے ہوشی، فالج، دل کا دورہ، شدید چوٹ، بلڈ پریشر کے بہت زیادہ بڑھ جانے یا انتہائی کم ہونے کی وجہ سے بے ہوشی کی صورت میں بروقت مدد فراہم کرنا۔

3۔ کسی بھی قدرتی آفت یعنی سیلاب، زلزلہ یا طوفان وغیرہ کی صورت میں فوری مدد فراہم کرنا۔

4۔ عوامی آگاہی کی مہم کے ذریعے عوام میں سیفٹی کلچر کا شعور اجاگر کرنا۔

5۔ مختلف شعبہ جات زندگی اور عوامی سطح پر ابتدائی طبّی امداد، فائر فائیٹنگ اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ کی تربیت فراہم کرکے کمیونٹی رضاکار تیار کرنا۔

جناب نور سلیم ملک: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! اس سوال سے میں مطمئن ہوں اور جو جواب آیا ہے وہ ٹھیک ہے۔

Mr. Speaker: Next, Question 3730, janab Noor Saleem.

* 3730 _ جناب نور سلیم ملک: کیا وزیر لائیوسٹاک ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت میں پچھلے پانچ سالوں میں محکمہ لائیوسٹاک میں بھرتیاں کی گئی ہیں؛

(ب) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(1) پچھلے پانچ سالوں میں کل بھرتیوں کی تعداد مہیا کی جائے؛

(2) بھرتیوں کی مکمل تفصیل؛

(3) بھرتیوں کے لئے اختیار کئے گئے طریقہ کار کی تفصیل؛

(4) آیا متعلقہ بھرتیوں میں میرٹ کو مدنظر رکھا گیا؟

جناب محب اللہ خان (معاون خصوصی برائے لائیو سٹاک): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) (1) متعلقہ دور میں کل گیارہ درجہ چہارم کی خالی آسامیوں پر بھرتیاں کی گئی ہیں۔

(2) بھرتیوں کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

(3) محکمہ میں مروجہ قانون کے تحت ڈیپارٹمنٹل سیلکشن کمیٹی افسر مجاز کے حکم پر بنائی گئی جس کے مندرجہ ذیل ممبران تھے:

ضلعی آفیسر، محکمہ لائیوسٹاک، چیئرمین۔

ایڈمنسٹریٹیوڈیپارٹمنٹ کا نمائندہ، ممبر۔

متعلقہ محکمہ کا نمائندہ، ممبر۔

(4) جی ہاں، متعلقہ بھرتیوں میں میرٹ اور قانون کا سختی سے خیال رکھا گیا۔

ضلعی دفتر امور حیوانات لکی مروت میں تعیناتی کلاس فور کی تفصیل:

| نمبر شمار | نام | عہدہ | تعیناتی کی وجوع | تاریخ تعیناتی | طریقہ تعیناتی |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ربنواز | چوکیدار | بوجہ ریٹائرمنٹ | 20/10/2012 | بھرتی رولز کے مطابق ریٹائرڈ ملازمین کے بچوں کے لئے مختص کوٹہ کے تحت مکمل کی گئی۔ |
| 2 | محمد رفیق | چوکیدار | ایضاً | 07/12/2012 | -do. |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 3 | یاسینابی بی | بہشتی کم خاکروب | بوجہ نئی پوسٹ | 18/04/2013 | بھرتی رولز کے مطابق عمومی طور میرٹ کوٹہ کے تحت کی گئی۔ |
| 4 | رضوان اللہ | چوکیدار | ایضاً | 18/04/2013 | ایضاً |
| 5 | شریف اللہ | بہشتی | بوجہ فوتگی | 28/03/2014 | بھرتی رولز کے مطابق فوت شدہ ملازمین کے لئے مختص کوٹہ کے تحت کی گئی۔ |
| 6 | امتیاز الدین | خاکروب | بوجہ ریٹائرمنٹ | 03/10/2015 | بھرتی رولز کے مطابق عمومی طور پر میرٹ کوٹہ کے تحت کی گئی۔ |
| 7 | اللہ بخش | چوکیدار | ایضاً | 27/10/2015 | بھرتی رولز کے مطابق فوت شدہ ملازمین کے لئے مختص کوٹہ کے تحت |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | کی گئی۔ |
| 8 | میمون خان | چوکیدار | ایضاً | 27/10/2015 | بھرتی رولز کے مطابق عمومی طور پر میرٹ کوٹہ کے تحت کی گئی۔ |
| 9 | عابد | چوکیدار | ایضاً | 31/10/2015 | .ایضاً |
| 10 | ضیاءاللہ | چوکیدار | ایضاً | 21/11/2015 | بھرتی رولز کے مطابق فوت شدہ ملازمین کے لئے مختص کوٹہ کے تحت کی گئی۔ |
| 11 | اللہ دین | بہشتی/خاکروب | ایضاً | 28/11/2015 | ایضاً |

جناب نور سلیم ملک: شکریہ سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب! یہ کوئسچن لائیو سٹاک کے سلسلے میں ہے اور اس میں میں نے پوچھا تھا کہ پچھلے پانچ سال میں جو بھرتیاں کی گئی ہیں ضلع لکی مروت میں، اس کے بارے میں بتایا جائے۔ اس کا مجھے جو جواب دیا گیا ہے جناب سپیکر، اس میں بہت ہی مضحکہ خیز تفصیل فراہم کی گئی ہے۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ اس دوران یہاں پر تقریباً گیارہ تقرریاں کی گئی ہیں جس میں میرے پاس یہاں پر ثبوت موجود ہیں۔ یہاں پر چھ نمبر پر جناب سپیکر! ایک صاحب کو انہوں نے خاکروب کی پوسٹ پر تعینات کیا ہے اور یہاں تاریخ تعیناتی لکھی ہوئی ہے 3 اکتوبر 2015ء جو کہ جناب سپیکر، میرے پاس، سپیکر صاحب! آپ کی توجہ چاہتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب نور سلیم ملک: میرے پاس اس کا جو آفس آرڈر موجود ہے وہ 2/10/2014 کا ہے، تو جناب سپیکر! یہ غلط بیانی سے کام لیا گیا ہے۔ اس میں جو بھی تفصیل فراہم کی گئی ہے، وہ غلط ہے اور اس کے علاوہ یہاں پر جو طریقہ تعیناتی بتایا گیا ہے، اس میں تمام غلط ہے اور اب فوت شدہ ملازمین کے لئے جو قانون ہے، وہ یہ کہتا ہے کہ 25 پرسنٹ اس کا کوٹہ Deceased son کا ہے لیکن یہاں پہ تمام جو بھی تقرریاں کی گئی ہیں، وہ اس کے تحت کی گئی ہیں، تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس میں ہیر پھیر ہے اور میں چاہوں گا کہ یہ سوال ہم سٹینڈنگ کمیٹی کو ریفر کردیں تاکہ وہاں پر اس پر بحث ہو اور اس سے صحیح بات نکل آئے، شکریہ۔

جناب سپیکر: محب اللہ صاحب، محب اللہ صاحب۔

جناب محب اللہ خان (معاون خصوصی برائے لائیوسٹاک): شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ د نور سلیم خان انتہائی مشکور یو، دوئ د Deceased son کوټه حوالې سره خبره اوکړه چې دDeceased son کوټه 25 پرسنټ ده، چونکه آنریبل ممبر ته زما خیال دے د دې پورا پورا معلومات فراهم نه دی، د Deceased son کوټه چې کوم ده هغه سو پرسنټ ده او کله چې دوران ملازمت یوه سړے وفات شی نو د هغه هنډرډ پرسنټ کوټه په مونږه باندې دغه کیږی، نو چونکه دا کوم تفصیل چې دوی ته مونږه فراهم کړے دے، دا 2012 ء نه شروع کیږی د 2015 ء پورې راځی، جناب سپیکر صاحب! په دیکښې زما خیال دے چې دا درې کسان زمونږ د Tenure نه مخکښې کوم تیر ګورنمنټ چې وو په هغې کښې بهرتی شوی دی، بقایا شپږ کسان چې کوم دوئ د دې خبره کوئ په دې شپږو کسانو کښې څلور کسان په Deceased son کوټه کښې شوی دی جی چې هغه هنډرډ پرسنټ ده، بقایا زما خیال دے چې نور سلیم پوهیږی، که یو کس دوه بهرتی شویدی، یو کس دوه بهرتی شوی دی نو په هغې زما خیال دے چې نور سلیم خان په Recommendation باندې کس بهرتی شوے دے، باقاعده دے مونږه په هغې کښې آنر کړے دے جی۔

جناب سپیکر: ہاں، نور سلیم صاحب۔

جناب نور سلیم ملک: شکریہ سپیکر صاحب، منسٹر صاحب نے جو باتیں کہی ہیں سپیکر صاحب! میں اس لئے یہاں پہ تفصیل میں نہیں جارہا تھا لیکن یہاں پر ایک اور 9 نمبر پر عابد خان صاحب کو انہوں نے

31/10/2015 کواس کی تقرری کی ہے اور حیرت کی بات یہ ہے کہ اس نے آج تک چارج نہیں لیا ہے اور وہ صاحب خود اس وقت ڈگری کالج لکی مروت میں ایم اے کی کلاسز کر رہے ہیں، تو میرا جو اعتراض ہے، وہ یہ ہے کہ یہ تمام بھرتیاں جو کی گئی ہیں وہ خلاف قانون کی گئی ہیں، وہ غلط کی گئی ہیں، اس میں ہو سکتا ہے کہ ایک آدھ کو ہم نے بھی Recommend کیا ہو لیکن سات تقرریاں ایسی ہیں جو اس دور میں ہوئی اور وہ تمام تقرریاں جو ہیں، وہ جو لوکل ڈسٹرکٹ آفیسرز ہیں، انہوں نے اپنے ایماء پر کی ہیں اور کس طریقے سے کی ہیں، سوال میں ہم نے تفصیل بھی مانگی تھی کہ کن کن لوگوں نے Apply کیا ہے اور کیسے؟ کچھ لوگوں کی بھرتی میرٹ پر بھی کی گئی، اس کی بھی کوئی انفارمیشن نہیں دی گئی، تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس میں گڑبڑ ہے اور اسی لئے تفصیل فراہم نہیں گئی، تو میں چاہوں گا کہ یہ سوال جو ہے یہ کمیٹی کو ریفر ہو جائے اور وہاں پر پھر ہم اس پر بحث کر سکیں۔ شکریہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: ہاں جی۔

<u>معاون خصوصی برائے لائیو سٹاک</u>: شکریه جناب سپیکر صاحب۔ آنریبل ممبر صاحب نور سلیم خان کوئسچن چې کوم دے ، دې سره دوئ د 9 نمبر خبره کوی چې 9 نمبر کس چې کوم دے دا په دغه باندې شوے دے ، دا د میرټ خلاف ورزی شوې ده ، زما خیال دے هغه کس هم دلته کښې ډیپارټمنټ چې کوم معلومات فراهم کړی دی ، دوی ته مونږه لیکلی دی په فلور باندې نو هغه هم په Deceased son کوټه کښې شوے دے ، بقایا ممبر صاحب سره که داسې څه وی ، څه ثبوت وی چې هغه ډیوټی نه کوی یا څه نه کوی نو ان شاءالله د دوئ به مونږه د کنسرنډ ډیپارټمنټ سره ،'ډی جی' سره به مونږه دوئ کیښنوؤ ، د دوئ چې څه اعتراضات وی ، هغه به ان شاءالله دوئ مونږه مطمئن کړو ، که مطمئن دوئ نه وو نو د هغې نه بعد مطلب دے بیا به ان شاءالله چې څه وی هغه به مونږه د دوئ سره ملګرتیا کوؤ خو کوم کسان چې دی۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: اور میرے خیال میں آپ دیکھ لیں۔

<u>جناب نور سلیم ملک</u>: جناب سپیکر! میں تھوڑی سی بات کرنا چاہتا ہوں، منسٹر صاحب نے یہ کہا کہ 9 نمبر پر جو ہے وہ بھی Deceased son کوٹہ، میں ان کو یہاں بتاتا چلوں کہ یہاں پہ Clearly لکھا ہوا ہے،

بھرتی رولز کے مطابق عمومی طور میرٹ کوٹے کے تحت کی گئی ہے، یہ میں اس کی بات کر رہا ہوں، یہ Deceased son پہ نہیں ہوا ہے سر! اور دوسری بات یہ ہے کہ یہ میں سپیکر صاحب! پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ یہ بیٹھنے بٹھانے سے مسئلے حل نہیں ہوتے۔

جناب سپیکر: یہ آپ کا کیا خیال ہے، مختصر کرتے ہیں، کمیٹی میں بھیجنا چاہتے ہیں آپ؟

معاون خصوصی برائے لائیوسٹاک: نہیں، زه د کمیټئ سره اتفاق نه کومه جی، بهرحال په دیکښې که دوئ زمونږه سره کښینی په دیکښې دا دوه کسان چې کوم شوی دی، یو دې نور سلیم خان کړے دے، یو کس به د هغې ځائے وی او بل آنریبل ممبر به کړے وی زما خیال دے نو که دوئ زمونږه کښینی، مونږه به دوئ مطمئن کړو، د هغې نه بعد به خبره کیږی، بهرحال زه اتفاق نه کومه۔

جناب سپیکر: ٹھیک شوه جی؟ ملک صاحب! آپ ان کے ساتھ بیٹھ جائیں۔

جناب نور سلیم ملک: سپیکر صاحب! میں تھوڑا سا بتا دوں، یہ جو جو غلط کام ہوا ہے، میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اب تک میں جتنی بھی باتیں یہاں پر کر چکا ہوں، چاہے وہ پبلک ہیلتھ سے ہوں یا وہ دوسرے ڈیپارٹمنٹ سے ہوں آج تک تو کبھی بیٹھنا ہوا نہیں ہے، مجھے یقین ہے کہ محب اللہ صاحب ہو سکتا ہے بیٹھ جائیں، میں یہ نہیں کہہ سکتا لیکن میں یہ چاہوں گا کہ یہ کیوں اس کو Defend کر رہے ہیں؟ اگر یہ کمیٹی میں چلا جائے اور وہاں پہ اس پر وضاحت سے بحث ہو جائے اور اس پہ بات چیت ہو جائے۔

جناب سپیکر: آپ پلیز، ہاؤس کو آرڈر پہ رکھیں، پلیز، پلیز، آرڈر پلیز۔

جناب نور سلیم ملک: سر! تو منسٹر صاحب بھی یہ چاہیں گے کہ یہ چیز Clarify ہو جائے، یہ چیز وہاں پہ جو ہے نا اس میں کوئی حرج نہیں ہے میرے خیال میں شکریہ۔

جناب سپیکر: مختصر کریں، بھیجنے کے لئے میں ہاؤس کے سامنے رکھتا ہوں، بھیجنا ہے یا نہیں بھیجنا ہے، کیا اب فائنل کریں؟

معاون خصوصی برائے لائیوسٹاک: ان شاءاللہ، نور سلیم خان صاحب تاسو به یوه موقع راکړئ ان شاءاللہ زمونږه سره کښینئ او مونږه به دې باندې بحث اوکړو۔

جناب سپیکر: اوکے، اوکے۔

معاون خصوصی برائے لائیو سٹاک: او تاسو به مونږه پورا پورا مطمئن کړو، که تاسو مطمئن نه وئ بیا به ان شاءالله زه ستاسو ملګرتیا کومه او هغه ځائے کښې به هم تاسو ملګرتیا کومه، ان شاءالله۔

جناب سپیکر: جی ملک صاحب۔

جناب نور سلیم ملک: جناب سپیکر صاحب! میں منسٹر صاحب کی بات کو مان لیتا ہوں لیکن میں ایک درخواست یہاں پہ کروں گا کہ منسٹر صاحب پھر مجھ سے خود رابطہ کریں گے، میں نہیں کروں گا، میں پیچھے نہیں پھر سکتا بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: اوکے، منسٹر صاحب! آپ نے خود رابطہ کرنا ہے اور اس کے ساتھ میٹنگ کرنی ہے۔

معاون خصوصی برائے لائیو سٹاک: ان شاءاللہ، ان شاءاللہ، ضرور۔

جناب سپیکر: اچھا ہے۔ مفتی جانان صاحب! منسٹر صاحب نے ریکویسٹ کی ہے کہ 'نیکسٹ ڈے' کے لئے ڈیفر کر لیں۔

مفتی سید جانان: صحیح ده، صحیح ده۔

جناب سپیکر: تو میں اس کو ڈیفر کرتا ہوں، پوائنٹ آف آرڈر کو ئسچنز آور میں نہیں ہو سکتا۔ جی

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر 3760، جناب سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب۔

* 3760 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیا وزیر انتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ انتظامیہ کے زیر انتظام ایبٹ آباد، اسلام آباد اور مری میں خیبر پختونخوا ہاؤسز موجود ہیں جس کی الاٹمنٹ محکمہ کرتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2013ء سے تاحال کن کن لوگوں کو مذکورہ ہاؤسسز میں کمرے الاٹ کئے گئے ہیں، نیز سرکاری ملازمین، سیاسی شخصیات اور پرائیویٹ لوگوں کی الاٹمنٹ کی علیحدہ علیحدہ تفصیل بمعہ آمدن اور اخراجات فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں، محکمہ انتظامیہ کے زیر انتظام صرف ایبٹ آباد اور اسلام آباد میں ہاؤسز موجود ہیں جن کی الاٹمنٹ محکمہ انتظامیہ کرتا ہے اور مری میں خیبر پختونخوا ہاؤس ہے، وہ پہلے چیف منسٹر سیکرٹریٹ کے زیر انتظام تھا جو کہ اب ٹوارزم ڈیپارٹمنٹ کو دے دیا ہے۔

(ب) خیبر پختونخواہاؤس مری کی تفصیلات، خیبر پختونخوااسلام آباد کی تفصیلات اور خیبر پختونخواایبٹ آباد کی (جملہ تفصیلات ایوان کو فراہم کی گئیں)۔ خیبر پختونخوااسلام آباد میں سال 16-2015ء میں کل 6602 افراد کو کمرے الاٹ کئے جن میں 5499 سرکاری ملازمین یا منتخب معزز ممبران پارلیمنٹ اوران کی معرفت آنے والے معزز مہمانان گرامی کو کمرے الاٹ کئے گئے ہیں۔ جبکہ 1103 افراد کو ان کے پریویلیج کے مطابق فری الاٹ کئے گئے ہیں۔اس طرح سال 16-2015 میں آمدن ایک کروڑ چوہتر لاکھ چونتیس ہزار تین سو روپے اوراخراجات سولہ لاکھ تہتر ہزار تین سو چوالیس روپے رہی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر! اس کا جواب تو نامکمل ہے لیکن پھر بھی کافی حد تک بہتر ہے جی، میں مطمئن ہوں اس پر۔

Mr. Speaker: Okay, next, Question No.3747, Najma Shaheen, MPA.

* 3747 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیاوزیرانتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر نگرانی ضلع کوہاٹ میں ریسٹ ہاؤسز اور گیسٹ ہاؤسز موجود ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ریسٹ ہاؤسز اور گیسٹ ہاؤسز کی تعدار کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (وزیراعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی نہیں۔

(ب) ضلع کوہاٹ میں محکمہ انتظامیہ کے زیر نگرانی کوئی ریسٹ ہاؤسز اور گیسٹ ہاؤسز موجود نہیں ہیں۔

محترمہ نجمہ شاہین: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ یہاں مجھے جواب دیا گیا ہے کہ 'جی نہیں'، میں نے یہ ضلع کوہاٹ محکمہ انتظامیہ کے زیر نگرانی ریسٹ ہاؤس کے بارے معلومات حاصل کی تھیں، تو یہ بالکل غلط بتایا گیا، چونکہ کوہاٹ میں جو ریسٹ ہاؤس ہے یہ خوشحال گڑھ ریسٹ ہاؤس ہے، کینٹ کے اندر ہے، سرکٹ ہاؤس ہے تو یہ کس کے انڈر جاتا ہے، اگر یہ انتظامیہ کے انڈر نہیں ہے تو؟

جناب سپیکر: تو پھر یہ ہے کہ ہو سکتا ہے کہ سی اینڈ ڈبلیو، ایریگیشن کے اس میں ہو، یہ لاء منسٹر صاحب۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): جناب سپیکر! کوہاٹ میں ایریگیشن ریسٹ ہاؤس ہے، ساتھ ہی سی اینڈ ڈبلیو کا ہے اوراپنے اپنے ڈیپارٹمنٹ اس کو چلاتے ہیں۔

جناب سپیکر: انتظامیہ کے پاس نہیں ہے؟

وزیر قانون: جی جی۔

جناب سپیکر: مطلب ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کا نہیں ہے؟

وزیر قانون: بالکل جی۔

جناب سپیکر: یہ سی اینڈ ڈبلیو اور ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ کے ہیں، کوہاٹ سرکٹ ہاؤس۔

وزیر قانون: سرکٹ ہاؤس ڈی سی چلاتے ہیں، ڈی سی کے انڈر ہے، ڈپٹی کمشنر۔

جناب سپیکر: جی جی۔

وزیر قانون: سرکٹ ہاؤس، کوہاٹ سرکٹ ہاؤس جو ہے وہ ڈپٹی کمشنر انتظامیہ کے پاس ہے۔

جناب سپیکر: ہاں ہاں، تو وہ ایڈمنسٹریشن کے نیچے آتا ہے نا، لاء منسٹر صاحب! وہ ایڈمنسٹریشن کے نیچے آتا ہے، جو سرکٹ ہاؤس ہوتا ہے وہ تو ایڈمنسٹریشن کے نیچے آتا ہے۔

وزیر قانون: جی جی۔

جناب سپیکر: ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ، تو بھی میرا خیال ہے کہ اس کو کمیٹی میں بھیجیں تاکہ اس کا پتہ چلے کہ سرکٹ ہاؤس کون چلاتا ہے؟

وزیر قانون: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے، بھیج دیں۔

جناب سپیکر: اوکے، چلیں بس اس کو میں کمیٹی کو بھیجتا ہوں۔ Is it the desire of the House that the Question No. 3747, asked by the honorable Member, may be referred to the Committee concerned? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Question is referred to the concerned Committee. Question No. 3758, Sardar Aurangzeb Nalotha Sahib.

* 3758 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیا وزیر انتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2013ء سے تاحال محکمہ نے گاڑیاں خریدی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کن کن وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز اور ایم پی ایز کو الاٹ کی گئیں نیز گاڑیوں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ محکمہ انتظامیہ نے سال 2013ء سے کل 53 گاڑیاں خریدی ہیں۔

(ب) جن جن وزراء اور پارلیمانی سیکرٹریز کو گاڑیاں الاٹ کی گئی ہیں (اس کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر! اس میں انہوں نے صرف 2013ء تک تفصیل دی ہے۔ میں نے 2016ء تک اس کی تفصیل مانگی تھی کہ کن کن لوگوں کو گاڑیاں الاٹ کی گئی ہیں، اس کی تفصیل فراہم کی جائے تو باقی انہوں نے جواب نامکمل دیا ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں سپیکر صاحب! یہ بہت اہم معاملہ ہے، اس میں قومی خزانے کا یقیناً بہت ضیاع کیا جاتا ہے، تو مہربانی کر کے اس کے اوپر آپ منسٹر صاحب اس پر Agree ہوں تو سٹینڈنگ کمیٹی کے حوالے اس کوسچن کو کیا جائے۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر صاحب، لاء منسٹر۔

جناب عبدالستار خان: سر! میرا اس میں سپلیمنٹری ہے۔

جناب سپیکر: جی جی سپلیمنٹری، سپلیمنٹری پلیز، ستار صاحب۔

جناب عبدالستار خان: Thank you very much Sir. جناب سپیکر! یہ سوال سرکاری ریسٹ ہاؤس کے بارے میں، نلوٹھا نے موقع دیا میں ضمنی سوال پوچھنا چاہتا ہوں کہ ہماری پی ٹی آئی کی قیادت کی طرف سے اپنے منشور میں بھی یہ بات کی گئی تھی اور اس کے بعد پوری قوم کے ساتھ کمٹمنٹ بھی کی گئی تھی کہ ہم اقتدار میں آئیں گے تو اس کے بعد گورنر ہاؤسز کو اور سی ایم ہاؤسز کو ہم تعلیمی انسٹیٹیوشنز میں تبدیل کریں گے، اس پر کہاں تک عمل درآمد ہوا ہے آج تک؟

جناب سپیکر: یہ اس کے ساتھ سپلیمنٹری نہیں بنتا ہے جی، یہ سپلیمنٹری نہیں بنتا ہے جی جی جی، مفتی صاحب فرمائیں، جی سپلیمنٹری۔

مفتی سید جانان: سپیکر صاحب! زه د منسټر صاحب نه دا تپوس کوم چې دا ټوټل 24 ګاډی 1800cc دی او یویشت ګاډی 1300cc دی، دا اته ګاډی څه شولو؟ د دې تفصیل ئے نه دے ورکړے او یو جناب سپیکر! که تاسو او ګورئ په سیریل نمبر 22 باندې دیکښې یو ګاډے د سردار سورن سنګه په نوم باندې اوس هم دے، آیا دا

حکومت ورنه اخستے دے او که نه دے اخستے ؟ او دا اته گاڈی دا تقریباً نلوتھا صاحب دا وایئ چې "ہاں یہ درست ہے کہ محکمہ انتظامیہ نے سال 2013 سے کل 53 گاڑیاں خریدی ہیں" او دیکښې چې کوم مونږ ته تفصیل را کړے دے ، دا د پینځه څلویښته گاډو دے نو دا اته گاډی څه شول؟ منسټر صاحب د یو دا وضاحت او کړی او دا چې د سردار سورن سنگھ نه ئے گاډے واپس اخستے دے او که ورسره دے ؟

جناب سپیکر: جی منسٹر صاحب۔

جناب امتیاز شاہد(وزیر قانون): جناب سپیکر صاحب، بہت ہی Simple Question انہوں نے کیا سرداراورنگزیب نلوٹھاصاحب نے،انہوں نے تفصیل مانگی ہے کہ 2013ء سے تاحال محکمہ نے کتنی گاڑیاں خریدی ہیں،اس کا بہت Clear cut جواب دیا گیاہے کہ 2013 سے کل 53 خریدی گئی ہیں۔اس کے بعد ان کا پھر کوئسچن آیاہے کہ اگر(الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کن کن وزرا،پارلیمانی سیکرٹریزاور ایم پی ایز کو الاٹ کی گئیں نیز گاڑیوں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے، تو By name ایک ایک منسٹر صاحب اور جو سپیشل اسسٹنٹس ہیں ان کے نام اس میں واضح ہیں اور ان کو گاڑیاں دی گئی ہیں، تو میرے خیال میں تو اس میں کوئی وہ تو نہیں ہے۔

جناب سپیکر: جی سردار صاحب۔

سرداراورنگزیب نلوٹھا: سر، جو محکمہ نے اس سے پہلے بلٹ پروف گاڑیاں بھی کچھ خریدی تھیں جو ساڑھے تین، پونے چار کروڑ روپے کی ایک ایک گاڑی تھی تو میں منسٹر صاحب سے یہ بھی پوچھنا چاہوں گا کہ وہ گاڑیاں کدھر گئی ہیں، کس کے استعمال میں ہیں اور کس پوزیشن میں ہیں؟ایک بات یہ اور دوسری بات تو تفصیل انہوں نے بالکل دی، میں مانتا ہوں آپ نے تفصیل دی ہے، میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں منسٹر صاحب سے کہ بڑی کفایت شعاری والی حکومت ہے اور کیا ضرورت تھی کہ یہ گاڑیاں جو آپ نے خریدی ہیں منسٹر صاحبان کے لئے اور ایڈوائزر صاحبان کے لئے، کیا پہلے گاڑیاں موجود نہیں تھیں، آپ کو خریدنے کی کیوں ضرورت پیش آئی ہے؟

جناب سپیکر: سردار صاحب! آپ ایک فریش کوئسچن لے کر آئیں اور اس کو میں ڈیفر کرتا ہوں، اس پہ ایک فریش کوئسچن بھی لے کر آئیں پلیز۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر! اس میں فریش کوئسچن کی ضرورت نہیں ہے۔

جناب سپیکر: جی سردار صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر، اس میں فریش کوئسچن کی بات نہیں ہے، یہ تو منسٹر صاحب چونکہ اس محکمے کے وزیر ہیں اور ساری معلومات رکھتے ہیں، ان کے ہاتھ سے پیسے نکل کے جاتے ہیں اور انہیں نہیں پتہ کہ یہ گاڑیاں کیوں خریدیں؟ میں نے اتنا ساSimple Questionپوچھا ہے کہ انہیں ضرورت کیوں پیش آئی ہے، اور گاڑیاں خراب ہو گئی تھیں، ایکسیڈنٹ ہو گیا تھا یا کوئی اور ضرورت تھی، کس وجہ سے اتنا پیسہ خرچ کیا گیا ہے قومی خزانے پہ یہ بوجھ کیوں ڈالا گیا ہے؟ اور دوسری جو بلٹ پروف گاڑیاں جناب سپیکر! اسی حکومت نے خریدی تھیں وہ کدھر ہیں؟ ان سے اس کا مجھے جواب چاہیئے، اس پر فریش کوئسچن۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، وہ تو آپ کے کوئسچن میں نہیں ہے، آپ اس کے لئے فریش کوئسچن لے کر آئیں، آپ اس کے لئے فریش، کیونکہ وہ آپ کے کوئسچن میں نہیں ہے، جو کوئسچن آپ نے کیا ہے اس کا جواب دیا ہے، آپ فریش کوئسچن لے کر آئیں، ہمEntertainکرلیں گے ان شاءاللہ۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: ٹھیک ہے سر، آپ کہتے ہیں تو میں مان لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: نہیں میں بالکل آپ کے ساتھ ہوں، آپ فریش کوئسچن لے کے آئیں، میں ان شاءاللہ اسی سیشن میں اس کو لے لوں گا، تھینک یو جی۔

## غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

3811 _ جناب محمد علی: کیا وزیر لائیو سٹاک ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ PK-92 دیر بالا پہاڑی علاقے پر مشتمل ہے اور وہاں کے لوگ مال مویشی پالتے ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مال مویشیوں کے علاج معالجے کے لئے محکمہ ویٹرنری سنٹر قائم کرتا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(1)PK-92 میں محکمہ نے کتنے اور کہاں کہاں سنٹرز قائم کئے ہیں، یونین کونسل وائز، ڈاکٹرز بمعہ کلاس فور کے ناموں کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز محکمہ مزید سنٹرز کب تک قائم کرنے کا ارادہ رکھتا ہے، تفصیل فراہم جائے؟

جناب محب اللہ خان (معاون خصوصی برائے لائیو سٹاک): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ بھی درست ہے۔

(ج) اس ضمن مین تمام ویٹرنری سنٹرز جہاں جہاں قائم ہیں اور ان میں تعینات جملہ سٹاف (ڈاکٹرز، وٹرنری اسٹنٹس اور درجہ چہارم کے ناموں کی تفصیل درج ذیل ہے، علاوہ ازیں متعلقہ ضلعی ڈائریکٹر لائیو سٹاک کے نقطہ نظر و سفارش اور علاقہ کی ضرورت کی بنیاد پر وٹرنری سنٹرز کے قیام کے لئے جامع منصوبہ سالانہ ترقیاتی پروگرام میں شامل کیا جاتا ہے۔

| نمبر شمار | وٹرنری سنٹر بمقام | یونین کونسل | نام سٹاف بمعہ عہدہ |
|---|---|---|---|
| 1 | تھل | تھل | نعمت اللہ، انچارج وٹرنری اسسٹنٹ، محمد رضا بہشتی کم خاکروب، جمعہ خان چوکیدار |
| 2 | کلکوٹ | کلکوٹ | میاں سلیم انچارج وٹرنری اسسٹنٹ، سہراب علی چوکیدار |
| 3 | سندری | گلدی | اعجاز علی انچارج وٹرنری اسسٹنٹ، سپین خان چوکیدار |
| 4 | مینہ ڈوگ | ڈوگ درہ | ابوشمہ انچارج وٹرنری اسسٹنٹ، دولت خان چوکیدار، ہدایت اللہ بہشتی کم خاکروب |
| 5 | پتراک | پتراک | راحت اللہ چوکیدار، جمشید احمد بہشتی |
| 6 | بریکوٹ | بریکوٹ | احسان الحق چوکیدار |
| 7 | شیرنگل | شیرنگل | مختیار احمد انچارج وٹرنری اسسٹنٹ، عرفان اللہ چوکیدار |
| 8 | جبر عشیریٔ درہ | جبر | نیک زادہ انچارج وٹرنری اسسٹنٹ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 9 | تاربتار | تاربتار | معین اللہ انچارج وٹرنری اسسٹنٹ، فضل ستار وی اے، باور جان بہشتی کم خاکروب، مبارک زیب چوکیدار |
| 10 | پالام | پالام | نصراللہ انچارج وٹرنری اسسٹنٹ |
| 11 | سمکوٹ بیلہ | بیلہ | احسان اللہ انچارج وٹری اسسٹنٹ، کامران خان چوکیدار |
| 12 | صندل | صندل | انورسید انچارج وٹرنری اسٹنٹ، حبیب سید بہشتی کم خاکروب، جان بہادر چوکیدار |
| 13 | بیدامی | نہاگ | محمد شاہد انچارج وٹرنری اسسٹنٹ، شیر امین چوکیدار |
| 14 | کشمیرے | نہاگ | عرفان اللہ انچارج وٹرنری اسسٹنٹ، عجب خان چوکیدار |

جناب سپیکر: یہ اضافی ایجنڈا جو میں نے آپ سے ریکویسٹ کی، آپ کو میں موقع دوں گا پلیز، میں آپ کو میں موقع دوں گا پلیز، میں یہ ریزولیوشن پاس کروں اور یہ دوسری چیز میں آپ کو خود بولوں گا کہ آپ کو ٹائم ، میں خود آپ کو بولوں گا ہاں، یہ ایک میں نے ریکویسٹ کی تھی سی ایم صاحب، یہ 12th (a) or 12th (b) امتیاز شاہد صاحب پلیز آپ۔

## مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ مجریہ 2016 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Imtiaz Shahid (Minister for Law): Mr. Speaker Sir, I, on behalf of the honorable Chief Minister beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Public Private Partnership (Amendment) Bill, 2016, may be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Public Private Partnership (Amendment) Bill, 2016 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. 'Consideration Stage': Since no amendment has been proposed by any honorable Member in Clauses 1 to 6 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 to 6 may stand part of the Bill? Those who are in

favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 to 6 stand part of the Bill. Long Title and Preamble also stand part of the Bill.

## مسودہ قانون(ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ مجریہ 2016 کا پاس کیا جانا

Mr. Speaker: 'Passage Stage': Minister for Law, please.

Minister for Law: Mr. Speaker Sir, I, on behalf of the Honorable Chief Minister beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Public Private Partnership (Amendment) Bill, 2016 may be passed.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Public Private Partnership (amendment) Bill, 2016 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it the Bill is passed.

## قرارداد

## (سی پیک کے تحت صوبے میں مختلف ترقیاتی سکیمیں)

Mr. Speaker: Item No. 7B, Item No 7B, Resolution, Madam Anisa Zeb, please.

آپ اپنے جو جو نام ہیں، سب کے نام لے لیں پھر۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی (وزیر معدنیات): تھینک یو جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، یہ ایک قرارداد ہے جس میں میرے علاوہ جناب عنایت خان صاحب، جناب شہرام خان صاحب، جناب امتیاز شاہد صاحب ،جناب محمود خان بیٹنی، جناب فخر اعظم صاحب، سید جعفر شاہ صاحب اور صاحبزادہ ثناءاللہ خان صاحب اور دیگر Important ممبران کی ہمدردیاں بھی اس میں شامل ہیں۔

یہ صوبائی اسمبلی قرار دیتی ہے کہ چائنہ پاکستان راہداری، سی پیک ایک شاندار منصوبہ ہے جسے 'تقدیر بدلاؤ' Game changer منصوبہ بھی قرار دیا گیا ہے جس کے لئے ہم چینی حکومت کے بھی بے حد شکر گزار ہیں کہ انہوں نے سی پیک منصوبہ شروع کیا۔ درحقیقت اگر وفاقی حکومت کے وعدے اور

اعلانات کے مطابق مغربی روٹ کی تکمیل بروقت ہو جائے تو اس سے نہ صرف پاکستان بلکہ صوبہ خیبر پختونخوااوراس سے ملحقہ قبائلی علاقہ جات کی بھی تقدیر بدل سکتی ہے،اس بابت گزشتہ پندرہ ماہ کے دوران صوبہ خیبر پختونخوا میں تمام سیاسی جماعتوں کے تحفظات دور کرنے اور مطالبات منظور کرنے کے حوالے سے خاطر خواہ تگ ودو کی جاتی رہی، کئی مجالس اور میٹنگز منعقد ہوئیں جن میں اے پی سی، وفاقی وزراء کے ساتھ صوبے کے پارلیمانی رہنماؤں کی ملاقاتیں، وزیراعلیٰ اور سپیکر خیبر پختونخوا کے ہمراہ پارلیمانی رہنماؤں کی وفاقی ذمہ داران کے ساتھ منعقدہ گفت وشنید وغیرہ شامل ہیں۔ ہرگاہ کہ وزیر اعظم پاکستان کی زیر صدارت آل پاکستان پارٹیز کانفرنس اسلام آباد میں منعقد ہوئی جس میں سی پیک کے حوالے سے تفصیلی بات چیت ہوئی اوراس اجلاس میں وزیر اعظم نے ملک کی تمام اعلیٰ سیاسی قیادت کی موجودگی میں۔۔۔۔۔

(عصر کی اذان)

<u>وزیر معدنیات</u>: اس اجلاس میں وزیر اعظم نے ملک کی تمام اعلیٰ سیاسی قیادت کی موجودگی میں یقین دہانی کرائی تھی کہ سی پیک منصوبے میں مغربی روٹ شامل ہوگا۔اور سب سے پہلے اسی پر کام شروع کرکے مکمل کیا جائے گا اب باوثوق ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ سی پیک منصوبے میں مغربی روٹ شامل نہیں ہے جس سے صوبے کے اندر انتہائی بے چینی پائی جارہی ہے اور صوبہ خیبر پختونخوااور فاٹا کے عوام کے لئے انتہائی کرب اور تشویش کا باعث بنا ہے۔ یہ صوبائی اسمبلی اس قرارداد کے ذریعے وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ

نمبر 1۔ وفاقی حکومت یہ یقین دہانی کرائے کہ مغربی روٹ نہ صرف سی پیک کا حصہ ہے بلکہ اسے اس منصوبے میں ترجیح بھی حاصل ہے اور یہ کہ اے پی سی میں جو فیصلے کئے گئے ان پر من وعن عمل درآمد کیا جائے گا۔

2۔وفاقی وزیر منصوبہ بندی کی سربراہی میں خیبر پختونخوا کے پارلیمانی وفد کے ساتھ ہونے والے اجلاس میں جو فیصلے کئے گئے،ان کے لئے فی الفور مکمل فنڈز مختص کرکے سی پیک کا باقاعدہ حصہ بنایا جائے کیونکہ جب تک یہ قدم نہ اٹھایا جائے اس وقت تک صوبہ خیبر پختونخوا کو اطمینان حاصل نہ ہوگا۔

نمبر 3۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے مغربی روٹ کے حوالے سے وفاقی وزیر منصوبہ بندی کو خط کے ذریعے پارلیمانی رہنماؤں کے منظور کردہ جو متفقہ مطالبات بھیجے، ان پر من وعن تسلیم کرنے کا عملی ثبوت دیا جائے۔

نمبر 4۔ اہم راہداری سی پیک کے مجوزہ روٹ کے علاوہ گلگت، چترال، چکدرہ، پشاور، کوہاٹ، ڈی آئی خان، ژوب، کوئٹہ، گوادر اور گلگت، تھاکوٹ، بشام، خوازہ خیلہ، چکدرہ، پشاور، کوہاٹ، ڈی آئی خان، ژوب، کوئٹہ، گوادر کے دو اہم روٹس کو بھی سی پیک کے متبادل روٹس قرار دیا جائے اور ان پر بھی فی الفور عمل درآمد کیا جائے۔

نمبر 5۔ سی پیک کے حوالے سے انڈس ہائی وے کی اپ گریڈیشن منصوبے کے لئے خاطر خواہ فنڈ درکار ہے جس کے لئے مختص شدہ مبلغ پانچ ارب روپے ناکافی ہیں، لہذا اس کے لئے حسب ضرورت فنڈ مختص کئے جائیں۔

یہ اسمبلی یقین رکھتی ہے کہ درجہ بالا مطالبات کو منظور کرکے وفاقی حکومت ایک مستقل طریقہ کار طے کرے گی جس کے ذریعے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی سربراہی میں تمام پارلیمانی رہنماؤں پر مبنی ایک مشترکہ سی پیک کمیٹی کے منصوبے کی تکمیل کے لئے ایک مشترکہ کمیٹی، سی پیک کے منصوبے کی تکمیل تک متواتر وزیر اعظم پاکستان اور وفاقی وزیر منصوبہ بندی کے ہمراہ اس پراجیکٹ اور اس سے متعلق ہونے والے فیصلہ جات پر مسلسل آگاہی اور مکمل عمل درآمد کو یقینی بنائے گی اور منصوبہ ہذا کی مستقل نگرانی یعنی مانیٹرنگ کرے گی۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی نلوٹھا صاحب۔

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا:</u> شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ آج تیسرا دن اس ہاؤس میں سی پیک منصوبے کے اوپر بات جاری ہے جناب سپیکر صاحب، سی پیک کا یہ منصوبہ پاکستان کی تقدیر بدلنے والا منصوبہ ہے اس سے پوری قوم کو اور پورے پاکستان کے ایک ایک بچے کو فائدہ پہنچنا ہے اور پاکستان ترقی کی منازلیں ان شاءاللہ اس منصوبے سے طے کرے گا۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ وزیر اعظم پاکستان چاروں صوبائی وزراء اعلیٰ اور ملک کی تمام سیاسی جماعتیں مل کر اس منصوبے کی کامیابی کے لئے جدوجہد کریں اور اس منصوبے کے دشمنوں کو،

میڈیااور دوسرے ممالک کو یہ پیغام دیں کہ ہم اکٹھے ہیں اور یہ پاکستان کی تقدیر بدلنے والا منصوبہ ہے اور اس کی راہ میں ہر قسم کی حائل رکاوٹ کو ہم مل کر دور کریں گے اور دشمنوں کے منہ پر طمانچہ رسید کریں گے۔ جناب سپیکر صاحب! آج میں سمجھتاہوں کہ اتنے بڑے منصوبے کے لئے جب ہم سب اکٹھے ہو کر اس منصوبے کی تکمیل کے لئے راہیں ہموار کریں گے جو اس وقت کی ضرورت ہے، چونکہ چائنا کو ہم نے یہ میسج دیناہے کہ پاکستان کے عوام چاہتے ہیں کہ یہ اتنا بڑا منصوبہ جو 46ارب ڈالر سے یہ منصوبہ مکمل ہو گا جس کے اوپر جناب سپیکر صاحب! دنیا کی پچیس فیصد تجارت ہو گی اور یہ ہر ایک پاکستانی تک اس کے فوائد پہنچیں گے۔ جناب سپیکر صاحب! میں نے پہلے بھی یہ بات کی ہے، آج پھر میں یہ فلور کے اوپر کہتا ہوں کہ جس طرح اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ وزیر اعظم پاکستان نے آل پارٹیز کانفرنس میں مغربی روٹ اور خیبر پختونخوا کے حقوق کے حوالے سے وعدے کئے تھے اور احسن اقبال صاحب جو وفاقی وزیر ہیں، ان کے ساتھ وزیر اعلیٰ صاحب اور جناب سپیکر صاحب، آپ کی سربراہی میں قائد حزب اختلاف مولانا لطف الرحمان صاحب اور تمام پارلیمانی لیڈر صاحبان کی موجودگی میں ہماری وہاں پہ میٹنگ ہوئی تھی اور اس میں ایک ایک بات، وزیر اعلیٰ صاحب نے ہی خیبر پختونخوا کی نمائندگی کی تھی اور انہوں نے ایک ایک پوائنٹ جو ان کی نظر میں یا ہماری نظر میں خیبر پختونخوا کے حقوق کو نظر انداز کرنے کے حوالے سے تھا، وہاں پہ انہوں نے Raise کیا اور End پہ احسن اقبال نے ہمارے جو خدشات تھے, ان کو دور کیا اور ہم سب مطمئن ہوئے، وزیر اعلیٰ صاحب نے خود 29 اپریل کو اسلام آباد میں میڈیا کے سامنے یہ بات کہی تھی کہ جو ہمارے خیبر پختونخوا کے خدشات تھے، وہ آج دور ہو گئے ہیں اور میں اور میری پوری ٹیم مطمئن ہے۔ جناب سپیکر صاحب، یہ کچھ دن پہلے چائنیز سفیر کے حوالے سے ایک دن Statement اخبار میں آئی اور پھر آج چوتھا دن مسلسل چائنیز سفارتخانے کی طرف سے تردید آرہی ہے کہ جو چائنیز سفارتخانے کے حوالے سے بات کی گئی تھی، ہم اس کی تردید کرتے ہیں۔ میں اس بات پہ آتاہوں کہ جو میٹنگ وزیر اعلیٰ صاحب کی سربراہی میں کے پی کے وفد کی احسن اقبال صاحب سے ہوئی تھی، اس دن جب یہ بحث جاری تھی تو میں نے احسن اقبال صاحب سے بات کی کہ جو جو وہاں پہ ہمارے خدشات آپ کے سامنے اٹھے تھے اور آپ نے مطمئن کیا تھا خیبر پختونخوا کے وفد کو مغربی روٹ کے حوالے سے، ریلوے لائنوں کے حوالے سے، انڈسٹریل سٹیٹ

کے حوالے سے اور دیگر جو اس منصوبے میں خیبر پختونخوا کے حقوق تھے تو کیا اس میں کوئی ردوبدل ہوا ہے؟ تو احسن اقبال صاحب نے کہا کہ اس میں ایک پرسنٹ بھی ردوبدل نہیں ہوا ہے، جس کی اس دن بھی میں نے یہاں پہ فلور پہ وضاحت کی تھی اور میں نے ذمہ داری کے ساتھ گارنٹی دی تھی، آج میں ذمہ داری کے ساتھ پھر گارنٹی دے دیتا ہوں کہ جو معاہدہ احسن اقبال صاحب کے ساتھ اسلام آباد میں ہمارے جو معاملات طے ہوئے ہیں، ان پر ایک پرسنٹ بھی کوئی ردوبدل جناب سپیکر صاحب! نہیں ہوا ہے اور میں 18 تاریخ کو گورنر ہاؤس میں احسن اقبال صاحب یہاں پہ تشریف لائیں گے، اپنے سٹاف کے ساتھ وہ سی ایم صاحب کو بھی اس میں Invite کریں گے، آپ کو بھی کریں گے، قائد حزب اختلاف کو بھی اور تمام پارلیمانی پارٹی کے رہنماؤں کو بھی وہاں پہ Invite کریں گے، پھر بھی اگر صوبے کی طرف سے کوئی بھی خدشات ہوئے تو میں سمجھتا ہوں کہ ان شاءاللہ ان کو وہ دور کریں گے اور ساتھ ہی ساتھ احسن اقبال صاحب نے کہا کہ میں صوبہ کے پی کے کی تمام سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں اور میڈیا، الیکٹرانک میڈیا اور پرنٹ میڈیا کے ساتھ مغربی روٹ کے اوپر میں آپ کو وزٹ کراؤں گا۔ جناب سپیکر صاحب، مغربی روٹ کے اوپر تیزی سے کام جاری ہے، ڈی آئی خان سے لیکر کوہستان تک اور جو جو بھائی جن جن علاقوں میں کام شروع ہے، ادھر بیٹنی صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، اور ممبران اسمبلی بیٹھے ہوئے ہیں، اس بات کی گواہی دیں گے اور میں نہیں سمجھتا، کس طرح مغربی روٹ اس میں سے نکالا گیا ہے؟ جناب سپیکر صاحب! مغربی روٹ کے اوپر کام شروع ہے، بالکل قطعاً مغربی روٹ کو اس میں سے نہ نکالا گیا ہے اور نہ نکالا جائے گا اور آج بھی جس طرح یہاں پہ اس دن چند دوستوں نے کہا کہ یہ چائنا اور پنجاب کا اکنامک کوریڈور ہے، آج اس کی وضاحت آگئی ہے کہ اس میں سولہ منصوبے سندھ کے لئے ہیں، تیرہ منصوبے بلوچستان کے لئے ہیں، بارہ پنجاب کے لئے ہیں اور آٹھ کے پی کے کے لئے ہیں، جن کے اوپر کام شروع ہے۔ جناب سپیکر صاحب! وہاں پہ وزیراعلیٰ صاحب کے ساتھ جب ادھر میٹنگ ہوئی تھی احسن اقبال صاحب کی، اس میں جو انڈسٹریل سٹیٹ کے پی کے میں بننی تھیں، انہوں نے کہا تھا کہ ایک انڈسٹریل سٹیٹ کی جگہ Identify صوبائی حکومت کرے، چاروں صوبوں میں ہم ایک ایک انڈسٹریل سٹیٹ کے اوپر فوری طور پر کام شروع کروا رہے ہیں اور دوسری بھی جو انڈسٹریل سٹیٹ ہیں، ان کے لئے بھی صوبائی حکومت Identify کرے گی کہ کہاں کہاں پہ آپ نے بنانی ہیں۔

ریلوے لائنیں جن میں پشاور ٹو کراچی ڈبل رویہ لائن ہے اور پشاور ٹو ڈی آئی خان ہے اور حویلیاں ٹو خنجراب ہے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ خیبر پختونخوا کے اندر جتنے بھی منصوبے سی پیک کے اندر ہیں، وہ ان شاءاللہ اس کے اوپر جلد از جلد کام بھی شروع ہوگا اور وہ مکمل ہوں گے، جو کوئی ابہام پیدا کرتا ہے وہ غلط کرتا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہاں پہ ہمیں پوائنٹ سکورنگ نہیں کرنی چاہیئے یہ قومی نوعیت کا معاملہ ہے جناب سپیکر صاحب! اور پاکستان میں چار صوبے ہیں، چاروں صوبوں کے اندر اس کو برابری کی سطح پہ اس پہ (شور) میں بات کرلوں، اس کے بعد آپ بات کرلیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں، بیٹھ جائیں پلیز، اس طرح، اس طرح ہاؤس نہیں چلتا یار! اس طرح ہاؤس، آپ چپ کریں، چپ کریں آپ، آپ چپ کریں، آپ بیٹھ جائیں۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! میں نے جب کہہ دیا جناب سپیکر!

(شور)

جناب سپیکر: آپ چپ کریں جی، چپ، چپ، میں پھر نکال دوں گا، کوئی بھی اس طرح غیر مہذب انداز میں، نہ شوکت صاحب! میں آپ کے لئے، میں آپ کو بتاتا ہوں، میں آپ کو وارننگ دیتا ہوں (تالیاں) آخر میں پھر آپ اس طرح نہیں کریں، بالکل اور شیراز صاحب! آپ نے بھی صرف چیئر کو کرنا ہے، آپ نے ادھر نہیں کرنا ہے، آپ نے صرف چیئر کی طرف دیکھنا ہے، میں پھر Strict action لوں گا جو بھی کرے گا یہ سب کچھ۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب، میں یہ سمجھتا ہوں کہ میں نے کوئی غیر پارلیمانی لفظ استعمال نہیں کئے، نہ ان شاءاللہ میں کروں گا، جب میری بات ختم ہو جائے تو بالکل میرے بھائی کو بھی حق ہے کہ اپنی بات کریں۔ میں نے جب کہہ دیا ہے کہ 18 تاریخ کو اس ہاؤس کی تمام پارلیمانی پارٹیز کے رہنماؤں کو اور میڈیا کو ساتھ لیکر احسن اقبال ہمارے ساتھ ہوں گے، مغربی روٹ کا ہم وزٹ کریں گے آپ کو پتہ چل جائے گا، کہاں کہاں پہ کام شروع ہے (تالیاں) جناب سپیکر صاحب، میں اتنی بات ضرور کروں گا:

ے
وفا کروگے تو وفا کریں گے جفا کروگے تو جفا کریں گے
آدمی ہیں ہم تم جیسے جو تم کروگے وہ ہم کریں گے

جناب والا! اس منصوبے کے لئے میں سمجھتا ہوں، میں نے تعریف کی ہے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی کہ رات دن، رات دن وہ اس کے پیچھے لگے ہوئے ہیں جناب سپیکر صاحب! آپ بھی کوشش کر رہے ہیں، کونسی پارٹی ہے اس ہاؤس کی جو اس منصوبے کے لئے دن رات محنت نہیں کر رہی؟ ہمیں کرنی چاہیئے لیکن پاکستانی بن کر ہمیں پاکستانی سوچ اپناتے ہوئے اس اکنامک کوریڈور کو مکمل کروانا ہے، انڈیا کے منہ پر ہم نے تھپڑ مارنا ہے جو کروڑوں روپے اس منصوبے کی ناکامی کے لئے خرچ کر رہا ہے، طرح طرح کی رکاوٹیں ڈال رہا ہے، ہم نے اپنے دشمنوں کو یہ پیغام دینا ہے کہ ایک ایک پاکستانی اکنامک کوریڈور کے اوپر متحد ہے اور متحد ہو کر اس کو ان شاءاللہ پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے۔

جناب سپیکر: جعفر شاہ صاحب بات کرنا چاہتے ہیں، اس کے بعد چیف منسٹر صاحب بات کریں گے۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو جناب سپیکر صاحب، میں مختصر بات کروں گا، میرے بھائی نلوٹھا صاحب نے بات کی، اس طرح ہے کہ جناب سپیکر صاحب، یہاں پہ ایک سو چوبیس ارکان پر مشتمل یہ صوبے کا سب سے بڑا ایوان، میں سمجھتا ہوں کہ آئندہ نسلیں ہمیں کبھی معاف نہیں کریں گی اگر ہم اس صوبے میں بسنے والے لوگوں کے حق کے بارے میں یہاں پہ آواز نہ اٹھائیں، ہم اپنے حق کے بارے میں پوچھ نہ لیں اور ہم اپنا حق حاصل نہ کریں، اگر حاصل نہ کر سکیں تو ہم چھین کر لے کر لائیں گے، یہ ہمارا ارادہ ہے اور یہ ہماری کمٹمنٹ ہے جناب سپیکر صاحب! جس طرح نلوٹھا صاحب نے کہا، میں نہایت معذرت کے ساتھ اللہ کرے کہ ان کی باتوں میں صداقت ہو اور میری یہ ریکویسٹ ہو گی کہ ہم متفقہ فیصلہ کریں کیونکہ ہم پاکستانی ہیں، اس صوبے کے عوام ہم پاکستان کے رہنے والے ہیں، ہم پاکستانی ہیں، بلوچستان کے عوام پاکستانی ہیں، سندھ کے پاکستانی ہیں، پنجاب اور گلگت اور کشمیر کے عوام پاکستانی ہیں، میں یہی بات کہنا چاہتا ہوں کہ ہم کیوں یہ موقع دیں کہ ہمیں پاکستانی نہ سمجھا جائے، ہمیں پاکستانی سمجھا جائے اور ہمیں ہمارا حق دیا جائے جناب سپیکر صاحب! آل پارٹیز کانفرنس میں جو فیصلے ہوئے، چیف منسٹر صاحب شاید اس میں خود تشریف فرما تھے، تمام پارٹیز کی لیڈر شپ اس میں خود وہاں پہ بیٹھی تھی اور وہاں پہ پرائم منسٹر صاحب نے جو کمٹمنٹ کی ہے، خود انہوں نے جو بات کہی ہے، ہم چاہتے ہیں کہ اس کمٹمنٹ کو پورا کریں، من و عن اگر وہ پورا نہیں کریں گے تو میری ریکویسٹ ہو گی کہ اس کو پارٹی پارٹ میں نہ لیکر جائیں، یہ ہمارے بچوں کے مستقبل کا

مسئلہ ہے، یہ پورے صوبے کے عوام کا مسئلہ ہے، اس میں میں سمجھتا ہوں کہ نلوٹھا صاحب ہمارے سامنے ہوں گے اور اس پہ ہم بھرپور احتجاج کریں گے کیونکہ یہ پورے صوبے کے عوام کا مسئلہ ہے، اس کو ہم Partisan نہ کرائیں اس کو ہم قومی مسئلہ اور اس صوبے کا مسئلہ اپناتے ہوئے تمام یہ ایوان اور تمام یہاں پہ بسنے والے لوگ ایک ہیں اور ہم یہ پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ اے پی سی میں جتنے جو بھی فیصلے خود پرائم منسٹر صاحب نے جو کمٹمنٹ کی ہے خدا کے لئے اپنا وعدہ پورا کریں۔

جناب سپیکر: چیف منسٹر صاحب۔

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): شکریہ سپیکر صاحب۔ چونکہ یہ کہانی بہت لمبی ہے اور میں نے اپنے پارلیمانی لیڈرز کو آپ کے کمرے میں ڈیٹیل سمجھا دی ہے لیکن میں چاہتا ہوں کہ میں سارے ہاؤس کو اور سارے صوبے کو یہ خبر اور جو ساری سٹوری ہے وہ بتادوں کہ پہلے دن سے آج تک کیا ہوا؟ جناب سپیکر صاحب! ہمارے سننے میں آتا تھا کہ کوئلے سے سمندر کے کنارے بجلی پیدا کی جارہی ہے، پھر کہیں پتہ چلا کہ یہاں پر پنجاب میں فلاں جگہ کوئلے سے بجلی پیدا کی جائے گی، کسی کو نہیں پتہ تھا کہ یہ ہے کیا؟ سارے ملک کو اندھیرے میں رکھا گیا تھا کسی کو کوئی خبر نہیں کہ یہ جو سکیمیں، ایگریمنٹس ہورہے ہیں اور یہ سی پیک جو بننے جارہا ہے اس کا حصہ ہیں؟ لیکن جب پتہ چلا کہ یہ جو اناؤنسمنٹس ہورہے ہیں، ایگریمنٹس ہورہے ہیں، یہ تو سی پیک کا حصہ ہیں، تو ساری پولیٹکل پارٹیز نے اکٹھے ہو کر شور مچایا، احتجاج کیا کہ یہ کسی سے صلاح مشورہ نہیں کیا گیا اور پھر ہمارے صوبے کے سیاسی رہنماؤں نے اپنا کیس پیش کیا کہ مغربی روٹ یہ جو ابھی بھی روٹ ہے یہ کوئی اتنا فائدہ مند ہمیں نہیں ہے کہ مغربی روٹ موٹروے سے شروع ہو تھرو پشاور، کوہاٹ، بنوں، ڈی آئی خان اور پھر بلوچستان میں جائے گا۔ اس پہ چونکہ وہاں پر میٹنگ ہوئی، ساری پارٹیز اس سے Agree کر گئیں کہ ٹھیک ہے ویسٹرن روٹ پر ائم منسٹر نے Agree کیا کہ ویسٹرن روٹ سب سے پہلے بنے گا، الفاظ یہ تھے کہ ویسٹرن روٹ سب سے پہلے مکمل ہو گا، کوئی اور لفظ نہیں تھا اور ویسٹرن روٹ سی پیک کا حصہ ہو گا، اس پر سب راضی ہو گئے اور ایک تسلی ہمیں ہو گئی، پھر ہمیں اور چیزوں کی ضرورت تھی میں پارلیمانی لیڈرز کا اپوزیشن کا گورنمنٹ کا سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ میں نے ان سے ریکویسٹ کی کہ ہماری اور بھی ضروریات ہیں جس کو مغربی روٹ کے ساتھ Attach کرنا چاہیئے، ہم نے احتجاج کیا، احسن

اقبال صاحب آئے گورنر ہاؤس میں، وہاں کوئی تسلی نہیں ہوئی، یہ بالکل Disinformation ہے کہ وہاں پر ہم Agree ہو گئے، اے این پی کو سخت اعتراض تھا اس کے بعد میں نے ان کو ریکویسٹ کی کہ میں آپ سے میٹنگ رکھتا ہوں، میں نے میٹنگ رکھی، میں اس وقت چاہتا تھا کہ ٹھیک ہے یہ ویسٹرن روٹ ہے، سی پیک کا پارٹ ہے لیکن ہمیں اس سے کنکشنز کے لئے اور روڈز چاہئیں، ریل چاہیئے، اور ہمارے بڑے مسئلے ہیں تو میں نے احسن اقبال صاحب سے ریکویسٹ کی کہ ہمیں پشاور سے ڈی آئی خان تک 'ایکسپریس وے' دیا جائے اور اس پر ریلوے ٹریک دیا جائے اور زیادتی یہ تھی کہ جھنگ سے کوہاٹ تک جو روٹ تھا، وہ بھی انہوں نے نہیں ڈالا اور جو پنجاب کا حصہ جھنگ تک تھا وہ مغربی روٹ کا حصہ بن گیا اور ہمیں نہیں، پھر ہم نے ریکویسٹ کی کہ جھنگ سے کوہاٹ تک کا حصہ بھی ڈالا جائے تو احسن اقبال صاحب نے مجھے کہا کہ میں اس کو اے ڈی پی میں ڈال دوں گا، میں نے کہا آپ یہ دو ہزار کلومیٹر ریل اپنی اے ڈی پی سے بنا سکیں گے؟ چونکہ اس وقت میں چاہتا تھا کہ یہ سکیمیں Enter ہو جائیں تو صوبے کو تو فائدہ پہنچ جائے گا، پھر آگے اس کے وقت میں کمپلیٹ ہوں، جب بھی ہو لیکن یہ سکیمیں ہم نے ڈلوادیں۔ اسی طرح ہمارا مسئلہ پانی کا تھا، اس موقع سے میں نے فائدہ اٹھایا اور اس کے بدلے میں نے چشمہ رائٹ بینک کینال ان سے منظور کروایا (تالیاں) اور ساتھ ہی ساتھ تیسرا فائدہ یہ لیا کہ ہمیں انڈسٹری کے لئے گیس چاہیئے تھی جس کے لئے میں دو سال سے لڑ رہا تھا کہ ملین کیوسک فٹ گیس ہمیں ملے، جو ہماری انڈسٹریل سٹیٹس ہیں وہاں اس سے بجلی بنائیں اور انڈسٹریز کو دیں، وہ بھی ہم نے منظور کرائی تو یہ سب کچھ جب ہوا تو مجھے انفارمیشن ملی کہ ویسٹرن روٹ تو سی پیک کا حصہ ہی نہیں ہے اور ویسٹرن روٹ پہ وہ چیزیں موجود نہیں ہوں گی جو سنٹر روٹ پہ ہیں، یہ جو سڑکوں کی بات کرتے ہیں یہ سی پیک کا حصہ نہیں ہیں، اس طرح تو اگر آپ کہیں یہ تو پھر ہر گلی سی پیک کا حصہ ہو گی جو جا کر موٹروے کے ساتھ ملے گی اور کہیں گے یہ سارا ملک سی پیک کا حصہ ہے اور ہر روڈ سی پیک کا حصہ ہے، یہ تو اب ایک ٹرین کا ٹریک بچھاتے ہیں اور وہ پشاور سے کراچی جارہا ہے، آپ کہیں یہ سارا اس صوبے کا حصہ ہے، اس طرح نہیں ہوتا اس کو سارے Attach کرنا پڑتا ہے، تو اگر یہ خالی روڈ ہے اور اس پر مغربی روٹ پر ریلوے ٹریک بھی کوئی نہیں ہے ایکسٹرا، تو میں نے ان سے منوالیا جو پشاور سے ڈی آئی خان ہے، اس پہ میں نے اس لئے نہیں شور مچایا کہ جب سی پیک کا حصہ ہے تو اس میں ریلوے ٹریک بھی ہو

گا،اس میں سیکورٹی بھی ہو گی،اس پر ساری ٹرانسپورٹ بھی چلے گی،اس پر فائبر آپٹک بھی ہو گا انڈسٹریز کے لئے سب کچھ، بجلی، گیس سب کچھ موجود ہو گا تو ہم تو بے غم تھے لیکن جب پتہ چلا کہ یہ تو سی پیک کا حصہ ہی نہیں ہے، تو جب سی پیک کا حصہ نہیں ہے اور چائنیز پاکستان گورنمنٹ کے ساتھ ایک ایگریمنٹ کرتے ہیں تو وہ جتنی انوسٹمنٹ کریں گے اور جتنے ان کے انوسٹرز آئیں گے، وہ اس روٹ پر انڈسٹریل پارکس میں انوسٹمنٹ کریں گے جو سی پیک کا حصہ ہے اور باقی نہیں، جو روٹ سی پیک کا حصہ ہے،اس پہ سیکورٹی بھی دی جارہی ہے، یہ مجھے یہ بتادیں کہ جو آرمی کے وہ بن رہے ہیں،ایمپلا ئمنٹ ہو رہی ہے اور ڈیویلپمنٹ ہو گی تو کیا مغربی روٹ اس کے لئے ہے؟ نہیں بالکل نہیں ہے، مجھے سارا معلوم ہے کہ سیکیورٹی نہیں، سی پیک کا حصہ نہیں ہے، ریلوے ٹریک کوئی نہیں، فائبر وہاں پہ کوئی نہیں، گیس کا کوئی بندوبست نہیں، بجلی کا کوئی بندوبست نہیں، تو کیا جب ٹرانسپورٹ ادھر سے چلے گی، چائینز گورنمنٹ گارنٹی مانگتی ہے گارنٹی کی اور سیکورٹی کی اور ایک کلئیر روٹ مانگتی ہے اور ہر Facilities بھی مانگتی ہے، یہ ایک روٹ یہ ون روٹ کا جو پروگرام ہے تو وہ روٹ کامیاب ہو گا جس پہ یہ ساری چیزیں ہوں گے تو میں نلوٹھا صاحب سے یہ چاہتا ہوں کہ یہ گارنٹی دے دیں کہ یہ ویسٹرن روٹ سی پیک کا حصہ ہے اور اگر یہ حصہ نہیں ہے تو ہمارے ساتھ یہ کھڑے ہو کر جہاں ہم جائیں گے، ہمارے ساتھ احتجاج کریں گے اور اگر یہ روٹ میں یہ ساری مراعات نہیں ہیں تو پھر ہم کیا کر سکتے ہیں؟ میں سب واضح کرنا چاہتا ہوں کہ جو ایگریمنٹ ہے وہ سب کر چکے ہیں، ہم سب کو اندھیرے میں رکھ کر اور سب کر چکے ہیں، تو یہ میں جب ڈال رہا تھا تو میں یہ سمجھ رہا تھا کہ ایکسٹرا چیزیں فیڈرل اے ڈی پی میں ڈال دوں گا،اس کا تو مجھے غم ہی نہیں تھا کہ ویسٹرن روٹ کو کوئی مسئلہ ہے، میں نے تو اپنے صوبے کے لئے یہ دو تین چیزیں ایکسٹرا لے لیں،اس لئے کہ وہ تو تھیں، تو جب یہ بنیں گی، ہمارے انڈسٹریل پارک بنیں گے، یہ ہمارے باقی روٹس بنیں گے تو ہمارے صوبے کے لئے اور راستے کھل جائیں گے لیکن اصلی بات اب یہ ہے اگر یہ نلوٹھا صاحب کہتے ہیں کہ ویسٹرن روٹ پہ کام شروع ہے تو ویسٹرن روٹ جناب، صرف ڈی آئی خان تک نہیں ہے، اگر یہ روٹ ڈی آئی خان سے Through out بلوچستان جا کر گوادر نہیں پہنچے گا تو ویسٹرن روٹ تو کمپلیٹ ہی نہیں، آپ اگر روڈ ڈی آئی خان تک بنا دیتے ہیں اور آگے یہ Through بلوچستان تو ادھر نہیں پہنچ رہا سمندر تک، تو یہ کیسا روٹ ہو گا؟ یہ کیسے پھر ترقی

ہو گی ؟اگرانڈسٹری لگا بھی دیں تو اگر ڈی آئی خان میں انڈسٹری لگاتے ہیں اور ڈی آئی خان سے ادھر تک یہ روٹ نہیں ہے تو کیا ڈی آئی خان سے پھر واپس آکر یہ ملتان جائیں گے ؟تو یہ چیزیں بڑی Importantہیں، اس میں کسی کی ذات یا پارٹی کی بات نہیں ہے، اس صوبے کی بات ہے، آپ بھی اس صوبے کا حصہ ہیں، سیاست اپنی جگہ، پارٹی اپنی جگہ ہم نے صوبے کا سوچنا ہے، تو یہ دو چیزیں آپ گارنٹی کر دیں کہ یہ روٹ، اور اس میں تھا یہ شروع بھی ہو گا اور سب سے پہلے بنے گا، کمپلیٹ پہلے ہو گا، میں آپ کو ثابت کر سکتا ہوں کہ سال ڈیڑھ سال کے اندر یہ جو سنٹر روٹ ہے یہ کمپلیٹ ہو جائے گا، سارے موٹروے پر کام شروع ہے Through out تو کوئی وہ سال دو سال ڈیڑھ سال کے اندر سارا روٹ کمپلیٹ ہو جائے گا، تو ہمیں آپ کیسے گارنٹی کر سکتے ہیں؟ کیونکہ ابھی زمین کسی جگہ نہیں لی گئی، ابھی کام نہیں ہوا، ابھی اس کے لئے انسفراسٹرکچر کوئی نہیں ہے، گیس کوئی نہیں، بجلی کوئی نہیں، ریل کوئی نہیں، تو کس طرح یہ روٹ ہے ؟تو اگر آپ ذمہ داری لیتے ہیں ہم آپ کو آگے کر دیتے ہیں، آپ ہمیں ان سے لکھ کر ایک ایگریمنٹ لے آئیں کہ یہ ویسٹرن روٹ سی پیک کا حصہ ہے، جو ٹرانسپورٹ چلے گی اس پر بھی چلے گی اس پر بھی چلے گی، ادھر بھی وہی سیکورٹی فوج کی ہو گی اس پر بھی ہو گی، ساری مراعات اس پر بھی ہوں گی، اس پر بھی ہوں گی تو ہمیں کوئی مسئلہ نہیں، ہم تو ابھی بھی کہہ رہے ہیں کہ ہمیں اندھیرے میں پھر رکھا گیا، میں تو اور روڈز کا غم کر رہا تھا۔ یہ جو میں نے فیڈرل منسٹر سے جو لیا ہے جس پر ایگری ہوا ہوں میں اس لئے ایگری ہوا ہوں کہ میں نے صوبے کے لئے اور ایکسٹرا چیزیں لیں لیکن میں اس پہ کبھی نہیں ایگری ہوتا کہ ویسٹرن روٹ سی پیک کا حصہ نہ ہو۔ میں ان روڈز کا نہیں کہہ رہا ہوں کہ اس کو سی پیک کا حصہ بنائیں۔ میں کہتا ہوں جو ویسٹرن روٹ، Agreed روٹ ہے اور وہ صرف ہمارے صوبے میں پچاس کلو میٹر، وہاں کے پھر بھی سارا پنجاب میانوالی ادھر سے جا رہا ہے ہمارے صوبے میں صرف ڈی آئی خان کراس کر رہے ہیں۔ اس کو تو مان جائیں نا۔ اس پہ تو ایگری ہو جائیں کہ سی پیک کا حصہ ہے تو تب، کیونکہ یہ جو روٹ پر جو انڈسٹریل پارکس بنیں گے یہ ایسا نہیں ہے کہ پانچ سو ایکڑ یا ہزار ایکڑ پر بس انڈسٹری بن گئی۔ یہ پورے شہر بننے جا رہے ہیں۔ یہ پشاور سے بڑے شہر بننے جا رہے ہیں اس پر دنیا کی ہر چیز ہو گی، ہر قسم کی دنیا کی انڈسٹری ہو گی اور چائنیز ایگریمنٹ کے مطابق ہو گی۔ جب چائنیز ایگریمنٹ نہیں کریں گے تو کچھ بھی نہیں ہو گا، دس آٹھ، آٹھ دس کارخانے

لگا بھی لیں تو اس کا فائدہ کوئی نہیں۔ اس میں بہت چیزیں مس ہو جائیں گی۔ تو یہ روٹ، یہ جو پورے شہر بن رہے ہیں اس علاقے کی ترقی ہو گی۔ اس میں لوگوں کو ایمپلائمنٹ ملے گی بہت کچھ ملے گا تو یہ اب سب کو ہم نے مل کر اپنے صوبے کے لئے پوچھنا ہے کہ ہم سے جھوٹا وعدہ کیوں کیا؟ ایک وزیراعظم نے پورے پاکستان کے سامنے کمٹمنٹ کی، اب اگر گول مول جواب دیتے ہیں کہ ہاں یہ بھی حصہ ہے وہ یہ اس طرح نہیں ہوتا۔ یہ پوری چائنیز گورنمنٹ، پاکستانی گورنمنٹ ہمارے صوبے کی نمائندگی، نمائندے بیٹھیں اور ہمیں Assure کریں، لکھ کر دیں، Notify کریں کہ کہاں پر چائنیز انوسٹمنٹ ہو گی، کیسے یہ روٹ پہ سب چیزیں ہوں گی؟ اور ہمیں بلوچستان تک یہ روٹ دکھانا پڑے گا نلوٹھا صاحب۔ آپ نے ہمیں بلوچستان تک لیکر جانا ہے اور بتانا ہے کہ یہ روٹ اس سے پہلے بن رہا ہے تو پھر مزہ آجائے گا (تالیاں) تو مجھے تو پتہ ہے کہ کچھ بھی نہیں ہے، مطلب ہے ٹینڈر ہو گئے ہیں، ڈی آئی خان تک ہو گئے، مجھے ڈی آئی خان سے آگے بتائیں کہ آگے کیا ہے؟ تو یہ صرف ہمارے چالیس کلو میٹر کے، میں تو نہیں وہ کہتا ہوں کہ پچاس کلو میٹر سڑک بنا دو، یا دو سو بنا دو جناب عالی! یہ کم سے کم ڈیڑھ دو ہزار کلو میٹر روڈ ہے۔ پھر اس کے ساتھ ریلوے ٹریک کدھر ہے، اگر یہ ویسٹرن روٹ پارٹ ہے تو اس میں ریلوے ٹریک کدھر ہے، اس پر فائبر کدھر ہے، اس میں بجلی کا بندوبست کہاں کیا گیا ہے، اس میں گیس کا بندوبست کہاں کیا گیا ہے؟ یہ جو پنجاب میں ایگریمنٹ چائنیز گورنمنٹ سے ہو رہے ہیں جو وہ Already کر چکے ہیں کیا ہمارے ساتھ کسی نے کیا ہے؟ میں تو خود چائنیز کو ڈھونڈ کر، میری اپنی جو کمپنی بنی ہے وہ دو وزٹ میں کرا چکا ہوں۔ میں خود بھی چائنہ جا رہا ہوں کہ ہم کسی اس چائنیز لون میں سے ہم اپنے صوبے میں انڈسٹری لگا سکیں اور انوسٹرز کو لا سکیں تو وہ Attract ہی نہیں ہوں گے۔ اگر یہ ویسٹرن روٹ اس کا حصہ نہیں ہو گا تو ڈی آئی خان میں کوئی نہیں آئے گا، بنوں میں کوئی نہیں آئے گا۔ مطلب ہے اور اس طرح آپ کا اپنا ہزارہ، ہزارے کو کیا دیا ہے؟ ریلوے اسٹیشن مجبوری ہے ان کو بنانا پڑے گا۔ وہاں سے ہری پور سے لیکر تو ہے لیکن کیا ہزارے میں کہیں پر بجلی کا بندوبست ہے اور اگر یہاں سوکھی کناری ہمیں ایک بجلی کا پراجیکٹ دیا گیا وہ بنے گا دس پندرہ سال میں۔ کیا اس سے ہمیں ہمارے انڈسٹریل پارٹ کے ساتھ وہ بجلی کی لائنیں Connected ہیں کہ نہیں؟ وہ نیشنل گریڈ میں چلی جائے گی جب بجلی پیدا ہو گی، اس طرح تو میرے صوبے میں اور بڑے واپڈا منصوبے بنا رہا

ہے، بجلی کی چیزیں بن رہی ہے وہ تو نیشنل گریڈ میں چلی جاتی ہیں تو کیا وہ جو بجلی پیدا ہو گی یہ ایشورنس ہمیں دے سکتے ہیں کہ وہاں پر ہمیں ایک انڈسٹریل سٹیٹ کے لئے، انڈسٹریل پارٹ کے لئے کم سے کم پانچ سو آٹھ سو میگاواٹ بجلی چاہئیے ہو گی تو یہ سب چیزیں ضروری ہیں کہ وہ اس سے جڑی ہونی چاہئیں تو میں اپنے ہاؤس سے سارے صوبے کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ہمیں اگر بتایا جاتا کہ سی پیک کا حصہ نہیں ہے تو میرے خیال میں سال پہلے ہی ہم کھڑے ہو جاتے۔ یہ تو ابھی انفارمیشن آنی شروع ہوئی کہ اس کا تو کہیں دور دور نشان ہی کوئی نہیں ہے۔ تو اگر خالی روڈ ہی بنا ہے تو موٹروے تو میں، ہمارا صوبہ بھی خود بنا رہا ہے۔ ہمیں وفاق نہیں مدد کر رہا۔ اگر میٹرو بس کی بات ہے میرا صوبہ خود بنا رہا ہے۔ ہمارے ساتھ وفاق نے کون سی مدد کی؟ سیالکوٹ اور لاہور موٹروے فیڈرل گورنمنٹ بنا رہی ہے ہمارے صوبے کو کیا دیا؟ تو اگر صوبے کو دیا ہی نہیں اور ہمارا حق بھی ہم سے چھین رہے ہیں تو پھر ہم کیا بولیں، چھپ کر بیٹھ جائیں اور پھر ہم، ہم نے عوام کو جواب دینا ہے۔ تو یہ آپ نے بھی کل جواب دینا ہے، آپ بھی، آپ کی پارٹی بھی اس صوبے میں ہے۔ کیا اگر یہ اس صوبے کو نہیں ملے گا تو کیا مسلم لیگ عوام کو فیس کر سکے گی؟ جب ہم سب شور مچائیں گے کہ انہوں نے اپنے صوبے کا حق نہیں دیا تو آپ کیسے لوگوں کو فیس کریں گے؟ تو آپ اپنے صوبے کے لئے کھڑے ہوں، آپ کو بھی فائدہ ہے اس صوبے کو بھی فائدہ ہے اور اس میں کوئی برائی نہیں، اس کو برا نہ مانیں، حقیقیت حقیقت ہوتی ہے اور اگر وہ منسٹر صاحب وہ سٹوری میں سو دفعہ سن چکا ہوں اس نے پھر آ کے وہی سٹوری بتانی ہے تو آپ ان کو کہیں ہمیں سٹوری سنانے نہ آئیں وہ کاغذوں کے ساتھ آ جائیں، چائنیز گورنمنٹ کے سامنے رکھیں کہ جو ایگریمنٹ اس پر ہوئے ہیں، وہ ہمیں بھی بتائیں، ریل کا بھی بتائیں، چائنیز انوسمنٹ کا بھی بتائیں کہ اس صوبے میں کیا، اور چائنیز انوسمنٹ شروع کرنی ہے میرے خیال میں دو چار پانچ سال بعد۔ اور وہ فیصلے کر چکے کہ کہاں پر وہ اپنی انوسمنٹ کریں گے۔ تو یہ سب چیزیں کلئیر نہیں ہیں اس کو کلئیر کر دیں۔ ہم کسی سے لڑنے کے لئے نہیں آئے ہیں۔ ہم اپنا حق مانگتے ہیں، مانگنا جانتے ہیں اور اگر ہم سے کوئی چیٹنگ کرے تو پھر تو اور کوئی راستہ نہیں ہے ہم نے پھر احتجاج کرنا ہے تو میں آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اس سے ملاقات کا کوئی فائدہ نہیں ہو گا۔ تو مجھے پتہ ہے اس نے کیا کہنا ہے۔ وہ دس دفعہ تو میں سن چکا ہوں اور اگر انہوں نے Straight جیسے آپ نے کہا ہے کہ چائنیز کی طرف سے صفائی آئی، کیا صفائی، چائنیز ایمبیسیڈر سے میں نے

خود پوچھا ہے، میں نے خود پوچھا ہے۔ الفاظ میرے یہ تھے کہ Is Western Route part of CPAC?، اس کا Simple سا جواب تھا No، پھر میں نے ان سے پوچھا، Can you make Western Route part of CPAC?، اس نے کہا No، میں نے کہا پھر بڑا مشکل ہو گا میرے صوبے سے گزر کے جانا اور تمہارا (تالیاں) لیکن میں، اور یہی میرے الفاظ تھے کوئی اس میں ان کو جھٹلا نہیں سکتا۔ تو میں یہ کلئیر کرنا چاہتا ہوں کہ ہم سی پیک کے خلاف نہیں ہیں یہ ملک کے لئے بہترین پراجیکٹ ہے، ملک ترقی کرے گا تو کیا ہم اس ملک کا حصہ نہیں ہیں؟ کیا یہ پسماندہ علاقہ نہیں ہے؟ اگر چائنہ ویسٹرن روٹ لایا ہے، اپنا یہ سی پیک بنا رہا ہے تو وہ اپنے پسماندہ علاقوں میں سے گزار کے لا رہا ہے تاکہ وہ باقی چائنہ کے مقابلے میں آ جائے۔ تو کیا اس ملک میں چھوٹے صوبوں کا، پسماندے صوبوں کا، غریب صوبوں کا حق نہیں ہے؟ اگر یہ ویسٹرن روٹ سی پیک کا حصہ بن جائے، خیبر پختونخوا سے گزرے۔ ہمیں اتنا فائدہ نہیں ہے جتنا بلوچستان کو ہے کیونکہ یہ بلوچستان کے تھرو ایک ہزار، آٹھ، تقریباً آٹھ سو ایک ہزار کلومیٹر گزر کے جائے گا، سارے بلوچستان کی شکل بدل جائے گی تو یہ تو انصاف ہونا چاہیئے۔ یہ سنٹرل میں جانا ہی نہیں چاہیئے تھا یہ ویسٹرن روٹ ہونا چاہیئے تھا، یہ پانچ چھ سو کلومیٹر شارٹ ہے، چھوٹے صوبوں کو فائدہ ہے اور یہ جو صوبے، چھوٹے صوبے جب وفاق کے خلاف باتیں کرتے ہیں وہ نفرت بھی ختم ہو جاتی، ایک پیار محبت پیدا ہو جاتا ہے، ملک ایک لیول پہ آ جاتا تو یہ سب چیزیں ہیں۔ جو ملکوں کے لیڈر ہوتے ہیں وہ انصاف سے سوچتے ہیں، برابر حقوق کا سوچتے ہیں۔ یہ نہیں ہوتا کہ میں نے سیاست کرنی ہے بس اس کو مناؤ باقی ڈوب جائیں۔ تو میری یہ ریکویسٹ ہو گی کہ ہم اس پاکستان کا حصہ ہیں اور ہمارا حق ہے کہ ہمیں اس کا پارٹ بنایا جائے، Otherwise ہم، ہم عوام کو بھی بتا رہے ہیں، پریس بھی بیٹھی ہے کہ بالکل اس وقت ہم بالکل، میں یقین نہیں کرتا ہوں کہ اس سے صوبے کو کوئی فائدہ ہے۔ خالی روڈ بن جائے گا اور ہمیں کوئی، ہمیں ویسے ہی وہ کہتے ہیں کہ ہماری سوچیں بڑھ جائیگی اور اندر اسے وہ کیا کہتے ہیں، 'کھودا پہاڑ اور نکلا چوہا'، یہی ہمارے ساتھ ہو گا اور کچھ بھی نہیں۔ تو میں آخر میں آپ سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: اچھا، میں ابھی اس ریزولیوشن کو ہاؤس کے سامنے رکھتا ہوں، ابھی آپ فیصلہ کریں کہ آپ نے ریزولیوشن کی حمایت کرنی ہے یا اپوزیشن کرنی ہے؟ تو میری ریکویسٹ ہو گی کہ آپ ایک دو منٹ اپنے

Colleague کے ساتھ بھی ڈسکس کرلیں تاکہ آپ ایک کلیئر اس پر کرلیں، میں اس دوران صرف آپ کو اتنا موقع دیتا ہوں کہ آپ مشورہ کریں، میں ضیاءالرحمان کو ایک موقع دیتا ہوں کہ وہ بالاکوٹ کی ایک بات کرلیں گے، آپ تھوڑا مشورہ کرکے مجھے بتائیں تاکہ میں ہاؤس کے سامنے اس کے حوالے سے ریزولیوشن پاس کراؤں۔

محترمہ معراج ہمایون خان: جناب سپیکر صاحب! مجھے بھی یہ پیش کرنے کی اجازت دی جائے اور میں بھی یہ چاہتی ہوں کہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی۔

میاں ضیاءالرحمان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

جناب سپیکر: (ایک رکن سے) یہ ایک، یہ ریزولیوشن تو پاس ہونے دیں، دیکھیں آپ نے ٹریننگز کی ہیں، آپ کو کوئی طریقہ نہیں ہے کہ ایک ریزولیوشن ہو رہی ہے، یہ ریزولیوشن جب تک پاس نہیں ہوتی تو دوسرا نہیں آجاتا، آپ Kindly تھوڑا اس کے، جی جی، ضیاءالرحمان صاحب!

میاں ضیاءالرحمان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ بہت شکریہ۔ سپیکر صاحب، مجھے وقت دینے کے لئے اور میں اپنی مختصر گزارشات سے پہلے آپ سے یہ گزارش کروں گا کہ کل 8 اکتوبر ہے اور 8 اکتوبر 2005ء کے زلزلہ کو گیارہ سال پورے ہو رہے ہیں تو میں آپ سے یہ گزارش کروں گا کہ میری مختصر گزارشات سے پہلے 8 اکتوبر 2005ء کے شہدائے زلزلہ کے لئے دعائے مغفرت کرلی جائے اور اس کے بعد میں مختصر عرض کرلوں گا۔

جناب سپیکر: مفتی جانان صاحب!

(اس مرحلہ پر 8 اکتوبر 2005ء کے شہداء کے لئے دعاء مغفرت کی گئی)

جناب سپیکر: جی ضیاءالرحمان صاحب، اچھا اس کے حوالے سے چلیں۔

میاں ضیاء الرحمان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں ایک دفعہ پھر آپ کا شکریہ ادا کروں گا سپیکر صاحب، اور جس طرح کہ میں نے پہلے کہا کہ بڑی خوش نصیبی ہے کہ وزیراعلیٰ صاحب بھی اس وقت ایوان میں تشریف فرما ہیں اور چند دن پہلے متاثرین زلزلہ بالاکوٹ کے مسائل کے حوالے سے میں بکریال کے

مسئلے پر ایک توجہ دلاؤ نوٹس بھی لاچکا ہوں جس پر آپ نے میرے ساتھ بڑا بھرپور تعاون کیا اور ذاتی دلچسپی لی۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور وزیر اعلیٰ صاحب کی موجودگی کا میں فائدہ اٹھاتے ہوئے آپ سے یہ عرض کرتا ہوں کہ تقریباً کل گیارہ سال پورے ہو رہے ہیں 8 اکتوبر 2005ء کے زلزلہ کو اور صوبائی حکومت اس وقت کی اور مرکزی حکومت نے متاثرین زلزلہ بالاکوٹ سے یہ وعدہ کیا تھا کہ بکریال سٹی کے مقام پر نیو بالاکوٹ سٹی کے نام پر ایک جدید ترین شہر بسایا جائے گا جس میں بالاکوٹ کے متاثرین زلزلہ کو پلاٹ دیئے جائیں گے اور اس شہر کو آباد کیا جائے گا اور میرے خیال میں پانچ سال کا وقت انہوں نے کہا تھا کہ اس میں یہ کام مکمل کر کے بالاکوٹ کے لوگوں کے حوالے کیا جائے گا لیکن سپیکر صاحب! انتہائی بدقسمتی کی بات ہے کہ آج گیارہ سال پورے ہو رہے ہیں لیکن بکریال سٹی پر کوئی پیش رفت نہیں ہو سکی، میں آپ سے یہ گزارش کروں گا کہ یہ کمیٹی کی جو میٹنگ ہے، جلد سے جلد آپ دلچسپی لے کر رکھ دیں اور جتنے سٹیک ہولڈر ہیں، ان کو بھی اس میٹنگ میں بلالیں جس میں کمشنر ہزارہ شامل ہوں، محکمہ مال، ریونیو اور اسی طرح جتنے بھی اس سے متعلقہ لوگ ہیں بالاکوٹ کے اور اسی طرح متاثرین کی نمائندگی کے لئے بھی ایک وفد بھی بلالیا جائے اور میں محترم وزیر اعلیٰ صاحب سے یہ گزارش کروں گا اور اس پورے ایوان سے میری یہ اپیل ہے کہ متاثرین زلزلہ بالاکوٹ کا بکریال کا جو مسئلہ ہے تو آپ سب اس معاملے میں میرے ساتھ تعاون کر کے متفقہ طور پر اس کے لئے کوشش کریں تاکہ لوگوں کو یہ بکریال کا مسئلہ حل ہو سکے اور یہ شہر آباد ہو سکے اور بالاکوٹ کے محروم عوام کی محرومیوں کا ازالہ ہو سکے۔ بہت بہت شکریہ، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: (سیکرٹری اسمبلی سے مخاطب ہو کر) سیکرٹری صاحب! ایک منٹ، یہ ایک کمیٹی میں کوسچین گیا تھا، اس کی میٹنگ کی Date دے دیں اور ان کے ساتھ بیٹھیں تاکہ ایک Date دے دیں، مشتاق غنی صاحب اس کو Respond کریں گے، مشتاق غنی صاحب اس ایشو کو Respond کرتے ہیں۔

جناب مشتاق احمد غنی (معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم): تھینک یو ویری مچ، جناب سپیکر۔ میاں صاحب نے جس اندوہناک سانحے کی طرف توجہ دلائی اور اس کے حوالے سے بکریال سٹی کی بات کی ہے، یہ واقعی ہی ایک ایسا سانحہ ہوا ہے سارے علاقے میں جس میں ہزارہ ڈویژن، شانگلہ، مظفر آباد اور کشمیر کے بعض علاقے شامل ہیں جس میں ہزاروں لوگ جاں بحق ہوئے اور بہت بڑے پیمانے پہ تباہی ہوئی۔ مجھے یہاں

افسوس سے ایک بات کہنا پڑ رہی ہے جناب سپیکر! کہ کل برسی کے موقع پہ وہاں لوگ ہم سے سوال کریں گے کہ اب بھی بہت بڑی تعداد میں بچے کھلے آسمان تلے بیٹھ کے تعلیم حاصل کر رہے ہیں جو سکول گر گئے تھے، اصل میں ہوا یہ کہ چار ہزار سکول اس سارے علاقے میں فیڈرل گورنمنٹ کے بنائے ہوئے ایرا نے پیرا کے ذریعے گرا دیئے تھے۔ جب وہ سکول گر گئے جو کہ سارے Cracked تھے جبکہ کچھ خود گر گئے، کچھ انہوں نے گرا دیئے تو تین ہزار سکول انہوں نے Strategically declare کئے اور One thousand non strategically گرائے انہوں نے، انہوں نے کہا ہم تین ہزار بنائیں گے، چار ہزار نہیں بنائیں گے اور گرا دیئے انہی کی ایجنسیوں نے، آج تک گیارہ سال ہو گئے ہیں اور اس کے اوپر ڈونر کانفرنسز ہوئیں اور پوری دنیا سے پیسے اکٹھے کئے گئے کہ اس علاقے کے ان مظلوم لوگوں کی آبادکاری کے لئے، ان کی Rehabilitation کے لئے، ان اداروں کی Reconstruction کے لئے یہ پیسہ Utilize کیا جائے گا۔ لیکن جناب سپیکر، جو تین ہزار سکول ایرا نے بنانے تھے ان میں سے پندرہ سو سکول ایسے ہیں جن کی ایک اینٹ بھی آج دن تک نہیں رکھی گئی، Remaining پندرہ سو سکولز میں سے کوئی پانچ چھ سو کے قریب بن چکے ہیں لیکن پانچ چھ سو سکول ایسے ہیں جن میں دس پرسنٹ کام ہوا، تیس پرسنٹ کام ہوا، پچاس پرسنٹ کام ہوا، کام رک گیا، آج تک وہ کام رکا ہوا ہے، ہم بات کرتے ہیں ایرا سے یا پیرا سے تو وہ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس پیسے نہیں ہیں، ٹھیکیداروں سے بات کرتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ ہماری liabilities ہیں، ہمارے پہلے کاموں کے ہمیں پیسے نہیں ملے ہیں اور وہ بچے پورے ہزارہ ڈویژن میں کھلے آسمان کے نیچے یا Incomplete buildings میں سردی گرمی میں بیٹھے ہیں۔ ایسی ایسی چیزیں عموماً میڈیا پہ آتی ہیں کہ کیچڑ میں بیٹھے ہوئے بچے پتھروں کے اوپر تعلیم حاصل کر رہے ہوتے ہیں، اس ہزارہ ڈویژن کی میں بات کر رہا ہوں سر! میاں نواز شریف صاحب ایبٹ آباد تشریف لے گئے تھے سال پہلے ایبٹ آباد یونیورسٹی میں انہوں نے چار بلین کا اعلان کیا تھا لیکن آج تک وہ چار بلین بھی پیرا کو وصول نہیں ہو سکے، تو وہ تین ہزار سکولوں میں سے پانچ سو کے بدلے پندرہ سو کا مسئلہ جوں کا توں ہے، میں اس ایوان کے ذریعے گزارش کروں گا کہ ایک ایسی بھی قرارداد لائی جائے، ہم Jointly لے کے آئیں تا کہ اس کے لئے پیسے جو ملے تھے وہ ریلیز ہوں، Remaining ایک ہزار سکول جو تھے جناب سپیکر! جو کہ Non

strategically declare کردیئے انہوں نے اوران کو ہمارے کھاتے میں ڈال دیا گیا تھا صوبے کے، انہوں نے گرائے پیرانے اور ڈال دیئے ہمارے کھاتے میں، ہماری حکومت نے پچھلے سال کے بجٹ میں ان کے لئے پیسے رکھے اوران میں سے 53 پرسنٹ سکول ابھی تک مکمل کر چکے ہیں، ڈھائی سو کوئی این جی اوز نے بنادیئے ہیں، Remaining ساڑھے سات سو سکول ہم نے بنانے ہیں جن میں سے 50 پرسنٹ Complete ہو چکے ہیں، پراونشل گورنمنٹ نے بنادیئے ہیں جس میں ایبٹ آباد، مانسہرہ یہ سارے علاقے شامل ہیں لیکن یہ جو ایرا نے بنانے ہیں تین ہزار سکولوں میں سے پندرہ سو سکول، پانچ سو Incomplete اور پندرہ سو Totally جس کی اینٹ بھی نہیں رکھی، اس کے لئے میں اس ایوان کو استعمال کرتے ہوئے آج کے اس، کل کے دن کے حوالے سے فیڈرل گورنمنٹ سے یہ مطالبہ کروں گا کہ یہ پیسے جلد از جلد ریلیز کئے جائیں تاکہ ہمارے سکولوں میں جو تعلیمی سرگرمیاں ان نامساعد حالات میں جاری ہیں، ان کو ٹھیک طریقے سے بلڈنگز میسر آسکیں اوراس کے لئے آپ اجازت دیں تو ہم اس کے لئے بھی ایک ریزولیوشن لے کے آئیں۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ نلوٹھا صاحب! میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ ریزولیوشن کے بارے میں آپ کی۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: آدھے منٹ کی بات کرتا ہوں، صرف آدھے منٹ کی۔

جناب سپیکر: جی جناب، اچھا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر صاحب! ایک تو میں یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ بالکل وزیراعلی صاحب چیف ایگزیکٹو ہیں صوبے کے اور سب سے زیادہ اس صوبے کی ذمہ داری ان کے اوپر عائد ہوتی ہے لیکن جناب سپیکر صاحب، پاکستان مسلم لیگ (نون) کی مرکز میں حکومت ہے تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ان شاءاللہ وزیراعظم پاکستان ہمارے صوبے کو کسی صورت میں نہ مغربی روٹ کو اور نہ اس صوبے کو نظرانداز کریں گے اور جو انہوں نے بات کی ہے کہ پچاس کلومیٹر پر کام شروع ہے تو میں وزیراعلی صاحب سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ ہزارہ ڈویژن کو بھی آپ کے پی کے کا حصہ سمجھیں، دو سو کلومیٹر تو کوہستان سے برہان تک اس کے اوپر بھی کام شروع ہے۔

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): یہ سنٹرل روٹ ہے، میں ویسٹرن روٹ کی بات کر رہا ہوں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: ہزارہ سب کا روٹ ہے سر، اور دوسری مشتاق غنی صاحب نے بات کی ہے، ان کے نوٹس میں نہیں ہے، ہمیشہ بھول جاتے ہیں، اصل میں دو منسٹریاں وزیر اعلیٰ صاحب نے بہت بڑی ذمہ داری ان کے اوپر ڈال دی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ کچھ تھوڑی سی ذمہ داری، چیف منسٹر صاحب سے میں درخواست کروں گا کم کریں ان کے اوپر سے، ایک ہزار سکولوں کے لئے فنڈ وزیر اعظم پاکستان نے مہیا کر دیا ہے جو ایرا، پیرا کے تھرو جن ٹھیکیداروں کے ٹینڈرز تھے، انہوں نے کام شروع کر دیئے ہیں اور پچاس پرسنٹ کام ہو گیا ہے۔

جناب سپیکر: یہ ریزولیوشن کے بارے میں ابھی میں ہاؤس سے ووٹ لوں گا، نلوٹھا صاحب! آپ نے کیا Decide کیا ہے کہ آپ ووٹ حق میں دیں گے کہ؟

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جی جی۔

جناب سپیکر: حق میں دیں گے، او کے جی۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the resolution, moved by the honourable Members, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is adopted unanimously.

(Applause)

جناب سپیکر: عاطف! آپ نے اس کے حوالے سے، ایک منٹ، یہ بکریال کا ایشو، مجھے پتہ ہے دو منٹ نلوٹھا کا جواب دے دیں، عاطف! آپ یہ ایشو Explain کریں۔

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ مشتاق غنی صاحب نے کافی ڈیٹیل میں بتا بھی دیا تھا، یہ کئی دفعہ میں تو فیڈرل منسٹر کو بھی لیٹر لکھ چکا ہوں، پرائم منسٹر صاحب کو بھی لیٹر لکھ چکا ہوں، انہوں نے خود اعلان کیا تھا کہ جی ہم چار ارب روپے دیں گے لیکن اس میں سے ایک پیسہ بھی ابھی تک نہیں آیا جو کہ پرانے تھے۔

جناب سپیکر: وائنڈ اپ۔۔۔۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: آپ کے بنے ہوئے جس میں دس پرسنٹ، بیس پرسنٹ، تیس پرسنٹ اگر پیسے تھے وہ آئے تھے اور اس کے بعد اس سال یا پچھلے سال اس میں کوئی پیسہ نہیں آیا، اگر کوئی ان کے پاس ایسا چینل ہو جو کہ نلوٹھا صاحب کے ہوتے ہوئے ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے پاس آتا ہو تو پھر وہ ہمیں دے دیں لیکن حکومت کے پاس یا صوبائی ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں کوئی پیسہ نہیں آیا۔

Mr. Speaker: The sitting is adjourned till 03:00 pm, afternoon of Monday, $17^{th}$ October, 2016.

---

(اجلاس بروز سوموار مورخہ 17 اکتوبر 2016ء بعد از دوپہر تین بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)